ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

www.dailydhartiajk.com
dailydharti@gmail.com

روزنامہ
چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق
ایڈیٹر: عمر خیام

جلد 03 | بدھ 26 ستمبر 2024ء، 21 ربیع الاول 1446ھ، 12 اسوج 2081 | صفحات 04 / قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 154

رسول اکرم ﷺ کی تعلیمات کو اپنا کر ہی انفرادی و اجتماعی کامیابیاں حاصل ہو سکتی ہیں، سیرت کانفرنس

کئی انگریز مورخین اور ہندوؤں کے سرکردہ زعماء و دیگر لوگوں نے بھی تسلیم کیا ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے اپنی 63 سالہ مبارک زندگی میں جو انقلاب برپا کیا اس کی دنیا میں کوئی مثال نہ ملی نہ مل سکتی ہے

حضور اکرم ﷺ کے بعد نہ کوئی نبی آیا اور نہ آئے گا، توحید اور ختم نبوت پر یقین ہمارے ایمان کا حصہ ہے جو بھی کوئی ختم نبوت پر ایمان نہیں رکھتا وہ مسلمان نہیں ہے، مقررین کا کانفرنس سے خطاب

راولاکوٹ (پی آئی ڈی) وزیراعظم حکومت آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کی جانب سے ختم نبوت و رحمت اللعالمین کانفرنسز کا سرکاری طور پر انعقاد کے اعلان کے بعد پونچھ ڈویژن میں محکمہ امور دینیہ ڈویژنل انتظامیہ ڈسٹرکٹ انتظامیہ کے زیر اہتمام بمقام گلف مارکی میں رحمت اللعالمین وخاتم النبیین ؐ پہلی کانفرنس منعقد ہوئی جس سے آزاد جموں وکشمیر حکومت کے چیئرمین علماء ومشائخ کونسل علامہ امتیاز صدیقی، سیکرٹری امور دینیہ آزاد کشمیر سردار محمد ظفر خان، ڈائریکٹر امور دینیہ آزاد کشمیر نذیر احمد قادری، کمشنر پونچھ ڈویژن سردار عبدالوحید خان، ضلع مفتی محمود احمد، سید مظفر حسین شاہ، مولانا افتخار خان، مقصود توحیدی، مولانا ڈاکٹر عبدالقدوس، ڈاکٹر عبدالرحمن آفتاب کاشر مفتی وجاہت گردیزی، ڈپٹی کمشنر پونچھ ممتاز کاظمی، تحصیل مفتی ضیاالرحمن اور دیگر مقررین (بقیہ 32 صفحہ 03)

راولاکوٹ: سیکرٹری امور دینیہ سردار ظفر خان، چیئرمین علماء ومشائخ کونسل علامہ امتیاز صدیقی، کمشنر پونچھ سردار وحید خان، ڈی سی پونچھ ممتاز کاظمی، ڈائریکٹر امور دینیہ نذیر احمد قادری، ڈاکٹر عبدالقدوس ودیگر رحمت اللعالمین وخاتم النبیین ﷺ کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

لبنان کا جوابی وار، اسرائیل میں موساد کے ہیڈکوارٹر پر میزائل داغ دیا

اسرائیل نے دفاعی نظام سے میزائل تباہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے، لبنان پر تازہ حملے میں مزید ہلاکتوں کی اطلاعات ملی ہیں

گزشتہ روز 250 لڑاکا طیاروں نے 2 ہزار سے زائد بم برسائے، لبنان میں جاں بحق افراد کی تعداد 596 ہوگئی ہے

بیروت (مانیٹرنگ ڈیسک) لبنان سے حزب اللہ نے اسرائیلی دارالحکومت تل ابیب پر پہلا میزائل حملہ کردیا۔ حملے میں موساد ہیڈکوارٹر کو نشانہ بنایا گیا۔ تاہم اسرائیل نے دفاعی نظام سے میزائل تباہ کرنے کا دعویٰ کردیا۔ دوسری جانب اسرائیل کی جانب سے لبنان پر تازہ حملے کیے گئے ہیں۔ گزشتہ روز 250 لڑاکا طیاروں نے 2 ہزار سے زائد بم برسائے۔ لبنان میں جاں بحق افراد کی تعداد 596 ہوگئی ہے، 1800 سے زائد افراد زخمی ہیں۔ حزب اللہ نے (بقیہ 30 صفحہ 03)

توشہ خانہ کیس واپس نیب کو بھیجنے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

آصف علی زرداری کا کیس ایف آئی اے کو بھیج دیا جائے گا، نیب پراسیکیوٹر

اسلام آباد (صباح نیوز) احتساب عدالت نے آصف زرداری، نواز شریف کیخلاف توشہ خانہ کیس واپس نیب بھیجنے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ احتساب عدالت اسلام آباد میں نواز شریف، آصف علی زرداری اور یوسف رضا گیلانی اور دیگر کیخلاف توشہ خانہ گاڑیوں کے ریفرنس کی سماعت ہوئی۔ احتساب عدالت نمبر 3 کی جج عابدہ ساجد نے کہا کہ تمام فریقین اس نقطہ پر متفق ہیں کہ یہ کیس اس عدالت کا دائرہ اختیار نہیں۔ صدر مملکت آصف علی زرداری کے وکیل فاروق ایچ (بقیہ 31 صفحہ 03)

مقبوضہ کشمیر میں ریاستی انتخابات، آزاد کشمیر بھر میں سخت احتجاج

ریاستی اسمبلی کے انتخابات کے دوسرے مرحلے میں بدھ کو ووٹ ڈالے گئے، جموں وکشمیر کے چھ اضلاع کے چھبیس حلقوں میں بھاری تعداد میں بھارتی سیکورٹی فورسز کی موجودگی میں ووٹ ڈالے گئے، کرفیو کا سماں

ڈویژنل ہیڈکوارٹر راولاکوٹ میں بھارت کی طرف سے مقبوضہ کشمیر میں نام نہاد الیکشن کے خلاف ایک بڑی احتجاجی ریلی کا انعقاد، باغ، پلندری اور مظفرآباد سمیت دیگر شہروں میں بھی ریلیاں نکالی گئیں

بھارت دنیا کو گمراہ کرنے کیلئے عالمی مبصرین کو کشمیر کا دورہ کروا کر سب کچھ ٹھیک ہونے کا تاثر دینے کی ناکام کوشش کررہا ہے، کشمیری ان انتخابات کو کسی صورت نہیں مانتے، احتجاجی ریلیوں سے مقررین کا خطاب

سرینگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں وکشمیر میں ریاستی اسمبلی کے انتخابات کے دوسرے مرحلے میں بدھ کو ووٹ ڈالے گئے، جموں وکشمیر کے چھ اضلاع کے چھبیس حلقوں میں بھاری تعداد میں بھارتی سیکورٹی فورسز کی موجودگی میں ووٹ ڈالے گئے۔ جن میں کشمیر کے پندرہ اور جموں کے گیارہ (بقیہ 33 صفحہ 03)

مظفرآباد (صباح نیوز) مقبوضہ جموں وکشمیر میں نام نہاد انتخابات کے خلاف جموں وکشمیر لبریشن سیل کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرہ کیا (بقیہ 34 صفحہ 03)

راولاکوٹ / سدھنوتی / مظفرآباد / حویلی / پلندری (دھرتی نیوز، پی آئی ڈی / نمائندگان) ڈویژنل ہیڈکوارٹر راولاکوٹ میں بھارت کی طرف سے مقبوضہ کشمیر میں نام نہاد الیکشن کے خلاف ایک بڑی احتجاجی ریلی کا انعقاد ہوا ریلی ڈپٹی کمشنر پونچھ سید ممتاز کاظمی کی قیادت میں ڈسٹرکٹ کمپلیکس (بقیہ 35 صفحہ 03)

آزاد کشمیر: مقبوضہ کشمیر میں جعلی الیکشن کے خلاف سیاسی وسماجی، انجمن تاجران کے رہنماؤں کے زیر اہتمام احتجاجی ریلی کے مناظر

صحافی ریاستی ترقی کا مثبت چہرہ عوام کے سامنے لائیں، وزیراعظم آزاد حکومت

پریس کلب کے لئے اراضی اور کیبن فراہم کرنے کی یقین دہانی، صحافتی ٹور کے لیے دو لاکھ روپے کا اعلان کیا گیا

سدھنوتی تاریخی ضلع ہے یہاں کے لوگوں نے تحریک آزادی کشمیر کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے دیے ہیں، گفتگو

بلوچ / سدھنوتی (پی آئی ڈی) وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر چوہدری انوارالحق سے تحصیل بلوچ پریس کلب کے وفد نے شمشاد علی نظامی کی قیادت میں ملاقات کی۔ وزیراعظم نے پریس کلب کے لئے اراضی اور کیبن فراہم کرنے کی یقین دہانی اور صحافتی ٹور کے لیے (بقیہ 49 صفحہ 03)

بلوچ / سدھنوتی (پی آئی ڈی) وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر چوہدری انوارالحق سے صدر بار ایسوی ایشن بلوچ (بقیہ 50 صفحہ 03)

نیویارک: وزیراعظم پاکستان شہباز شریف، کراؤن پرنس کویت اور دیگر یونائیٹڈ نیشن کے اناسی ویں اجلاس میں شریک ہیں

کشمیر کے ڈھونگ انتخابات حق خودارادیت کا نعم البدل نہیں، وزیر اطلاعات

آزادی کی تحریکوں میں مشکل وقت آتا ہے لیکن تحریک آزادی کشمیر کشمیری بھائیوں کے مقدس خون کی وجہ سے جاری ہے

2019 کے غیر آئینی، غیر قانونی اور غیر اخلاقی اقدام کے بعد مقبوضہ کشمیر کی زمینی صورتحال انتہائی کشیدہ ہے، بات چیت

مظفرآباد (پی آئی ڈی) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کے وزیر اطلاعات پیر محمد مظہر سعید شاہ نے کہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر کو فوجی چھاؤنی بنا کر کروائے جانے والے ڈھونگ انتخابات کے ڈرامے کو کشمیریوں نے مسترد کر دیا ہے، مقبوضہ کشمیر میں انتخابات محض ڈھونگ اور فریب ہیں جن میں کشمیریوں کو کوئی دلچسپی نہیں۔ آزادی کی تحریکوں میں مشکل وقت آتا ہے لیکن تحریک آزادی کشمیر ہمارے کشمیری بھائیوں کے مقدس خون کی وجہ سے (بقیہ 51 صفحہ 03)

میاں محمد نواز شریف اور مریم نواز سے چینی سفیر کی ملاقات

مختلف شعبوں میں تعلقات کے فروغ پر تبادلہ خیال، مستقبل کیلئے تجاویز

لاہور (صباح نیوز) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے چینی سفیر جیانگ زیڈونگ نے ملاقات کی۔ ملاقات میں ٹیکنالوجی، کاروبار اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعلقات کو فروغ دینے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ دوران ملاقات (بقیہ 53 صفحہ 03)

جسٹس منصور علی شاہ کے بطور چیف جسٹس نوٹیفکیشن جعلی قرار

اسلام آباد (دھرتی نیوز) وفاقی وزارت قانون و انصاف نے سوشل میڈیا پر زیر گردش جسٹس منصور علی شاہ کے بطور چیف جسٹس (بقیہ 52 صفحہ 03)

راولاکوٹ، گراس سکیٹنگ کی قومی نیشنل چیمپئن شپ، 100 اتھلیٹس شریک

راولاکوٹ کے سیاحتی مقام تولی پیر میں جاری تیسری نیشنل گراس اسکیٹنگ چیمپئن شپ میں خواتین اتھلیٹس بھی شریک

14 ٹیموں کے 107 کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں، جن میں 44 خواتین کھلاڑی بھی شامل ہیں، عقیل احمد کیانی کی بات چیت

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) راولاکوٹ کے مضافاتی علاقے سیاحتی مقام تولی پیر میں جاری تیسری نیشنل گراس اسکیٹنگ چیمپئن شپ شروع ہوگئی ہے جس میں پاکستان بھر سے 117 سے زائد کھلاڑیوں (اتھلیٹس) نے حصہ لے رہے ہیں۔ راولاکوٹ سے 30 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع اس پاڑی چوٹی پر منعقدہ اس منفرد کھیل کا انعقاد اے جے کے ونٹر اسپورٹس ایسوی ایشن اور پاکستان ونٹر اسپورٹس فیڈریشن، آزاد جموں وکشمیر کے سیاحت اور کھیل کے محکموں سمیت گلف ایمائرز اور دیگر نجی اداروں کے اشتراک سے کیا گیا ہے۔ اے جے کے ونٹر اسپورٹس ایسوی ایشن کے سیکرٹری جنرل جمیل خورشید نے "اان" سے (بقیہ 54 صفحہ 03)

پاکستان ماحول دوست ٹرانسپورٹ کیلئے پرعزم ہے، صدر مملکت

پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے چین کے ساتھ مل کر کام کریں گے

اسلام آباد (صباح نیوز) صدر مملکت آصف علی زرداری نے محفوظ، پائیدار اور ماحول دوست ٹرانسپورٹ نظام کے فروغ کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے چین کے ساتھ مل کر کام کرے گا جس سے امن اور خوشحالی کے دور کا (بقیہ 36 صفحہ 03)

مخصوص نشستوں کا کیس: رجسٹرار کا چیف جسٹس کو جواب

9 سوالات کے جوابات پر مشتمل رپورٹ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کو بھجوادی

اسلام آباد (صباح نیوز) مخصوص نشستوں کے کیس میں آٹھ ججوں کے وضاحتی حکم نامے کے معاملے پر رجسٹرار سپریم کورٹ نے 9 سوالات کے جوابات پر مشتمل رپورٹ چیف (بقیہ 38 صفحہ 03)

بلوچستان، خیبر پختونخوا میں ریاستی عملداری ختم ہوگئی ہے، فضل الرحمان

دونوں صوبوں میں اہم جماعتوں کو انتخابی دھاندلی کے ذریعے باہر کیا گیا، بات چیت

اسلام آباد (صباح نیوز) سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے مجوزہ آئینی ترامیم کے معاملے پر سیاسی تعطل کا اعتراف کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ لڑائی اور تعطل اپنے من پسند افراد کے لئے ہے، انتخابات میں اداروں کی مداخلت کو قومی اتحاد و اتفاق کی علامت قرار نہیں دیا جا سکتا۔ بدھ کو اسلام (بقیہ 41 صفحہ 03)

وفاقی وزیر امور کشمیر سے مسلم لیگ آزاد کشمیر کے وفد کی ملاقات، اہم امور پر گفتگو

مسلم لیگ (ن) آزاد جموں کشمیر کے صدر شاہ غلام قادر کی قیادت میں ایک وفد نے بدھ کو ان کے دفتر میں ملاقات کی

وفد میں مسلم لیگ (ن) آزاد جموں کشمیر کے صدر شاہ غلام قادر، ڈاکٹر نجیب نقی اور سردار طارق محمود شامل تھے، ترجمان

اسلام آباد (دھرتی نیوز) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان وسیفران انجینئر امیر مقام سے مسلم لیگ (ن) آزاد جموں کشمیر کے صدر شاہ غلام قادر کی قیادت میں ایک وفد نے بدھ کو ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ وفد میں مسلم لیگ (ن) آزاد جموں وکشمیر کے نائب صدر ڈاکٹر نجیب نقی اور سردار طارق محمود شامل تھے۔ ملاقات کے دوران، مقبوضہ کشمیر میں بھارت کے ڈھونگ انتخابات، آزاد جموں (بقیہ 37 صفحہ 03)

امت مسلمہ متحد ہو کر ہی عالمی استعمار کا مقابلہ کرے، علماء کرام

امامیہ آرگنائزیشن آزاد کشمیر کے زیر اہتمام امت و بیداری اسلامی کانفرنس

مظفرآباد (دھرتی نیوز) امت مسلمہ متحد ہو کر ہی عالمی استعمار کی ظالمانہ کارروائیوں کا مقابلہ کرسکتی ہے، پچاس سے زائد مسلم ممالک اسرائیل کو مظالم سے باز رکھنے کے لئے اقدامات کریں، اللہ تعالیٰ نے تفرقہ بازی سے بچنے کا حکم دیا ہے۔ معروف مذہبی وسماجی تنظیم امامیہ آرگنائزیشن آزاد کشمیر کے زیر اہتمام عظیم الشان "مرکز اتحاد امت و بیداری اسلامی کانفرنس" کا انعقاد ماہ ربیع الاول کی نورانی (بقیہ 39 صفحہ 03)

ممبئی میں مسجد کی مجوزہ مسماری کے خلاف احتجاجی مظاہرے

ممبئی (کے پی آئی) بھارتی ریاست مہاراشٹرا کے دارالحکومت ممبئی میں اس وقت کشیدگی پیدا ہوگئی جب حکام نے 25 سال پرانی سبحانیہ مسجد کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے (بقیہ 40 صفحہ 03)

افغانستان کیساتھ مذاکرات کیلئے خدمات دینے کو تیار ہیں، حافظ نعیم الرحمٰن

دہشت گردوں کو مواقع فراہم کیے جائیں گے تو پورا خطہ بدامنی کی لپیٹ میں آئے گا

پشاور (صباح نیوز) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ امن کے لیے افغانستان سے مذاکرات ہونے چاہئیں، حکومت یہ کام نہیں کرسکتی تو ہم خیال لوگوں سے مدد لے، جماعت اسلامی امن کی خاطر اپنے آپ کو اس خدمت کے لیے پیش کرتی ہے، طالبان ذمہ داری کا مظاہرہ کریں (بقیہ 43 صفحہ 03)

حکومتی اجازت کے بغیر درسی کتب کی اشاعت و فروخت پر پابندی عائد

بدوں پیشگی منظوری ٹیکسٹ بک بورڈ، جملہ درسی کتب الائیڈ اینڈ سپلیمنٹری میٹریل پر پابندی عائد کردی گئی ہے

اعلیٰ ثانوی سطح (پارٹ اول) کی درسی کتب سے متعلق من گھڑت خبریں پھیلائی جارہی ہیں، ترجمان کی وضاحت

مظفرآباد (پی آئی ڈی) آزاد جموں وکشمیر ٹیکسٹ بک بورڈ نے ایک پریس ریلیز کے ذریعے جملہ متعلقین اساتذہ کرام، طلباء اور والدین کو آگاہ کیا ہے کہ آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر نے بدوں پیشگی منظوری ٹیکسٹ بک بورڈ، جملہ درسی کتب الائیڈ اینڈ سپلیمنٹری میٹریل پر پابندی عائد کررکھی ہے۔ اس ضمن میں ٹیکسٹ بک بورڈ ترمیمی ایکٹ مجریہ 2017 کی شق 3-3 کا No (1)Prohibition B-3 person or agency shall, except with the prior approval of the Board, print, publish, sale or (بقیہ 42 صفحہ 03)

مظفرآباد: ایڈیشنل چیف سیکرٹری مدحت شہزاد پروفارمہ پروموشن کے اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

اگلے چیف جسٹس کا اعلان فوری کیا جائے، بانی پی ٹی آئی

حکومت ساری عدلیہ کو تباہ کرنے پر لگی ہوئی ہے، عمران خان کی گفتگو

راولپنڈی (صباح نیوز) بانی پاکستان تحریک انصاف نے کہا ہے کہ اگلے چیف جسٹس آف پاکستان کا اعلان فوری کیا جائے، ہم جسٹس منصور علی شاہ کی مکمل حمایت کرتے ہیں حکومت ساری عدلیہ کو تباہ کرنے پر لگی ہوئی ہے، قاضی فائز عیسیٰ آئینی ترامیم کے اطفشری ہیں جو انصاف نہیں ہونے دے رہے۔ اڈیالہ جیل میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے بانی چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا (بقیہ 55 صفحہ 03)

خطے میں بڑھتی کشیدگی کے اثرات خطرناک ہونگے، سعودی وزیرخارجہ

ریاض (صباح نیوز) سعودی عرب نے لبنان میں جاری صورت حال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ خطے میں تشدد، سلامتی اور بڑھتی کشیدگی کے اثرات خطرناک ہوں گے (بقیہ 56 صفحہ 03)

نمائندگی کا طرز انتخاب عوام کا اعتماد بحال کرسکتا ہے، لیاقت بلوچ

ہر دور کے حکمرانوں نے قومی دولت کو برباد کیا اور قومی صلاحیتوں کو زنگ آلود کر کے ضائع کیا

اسلام آباد (صباح نیوز) نائب امیر جماعت اسلامی، سیکرٹری جنرل ملی یکجہتی کونسل لیاقت بلوچ نے مری میں طلبہ کنونشن، اسلام آباد میں ممبر سازی کیمپ اور راولپنڈی جماعت اسلامی کے ضلعی نائب امیر عزیر حامد کی اہلیہ اور قرطبہ سٹی کے جنرل منیجر اسامہ عزیر کی والدہ کی نماز جنازہ سے خطاب اور بعد ازاں صحافیوں کے سوالوں کے جواب دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان قدرتی وسائل اور انسانی، بالخصوص نوجوانوں اور طلبہ وطالبات کے وسائل سے مالا مال ہے، لیکن ہر دور کے حکمرانوں نے قومی دولت کو برباد کیا (بقیہ 57 صفحہ 03)

اقوام متحدہ کو تنازعات کے حل کیلئے زیادہ بااختیار ہونا چاہیے، خواجہ آصف

نیویارک (کے پی آئی) پاکستان نے اقوام متحدہ کو جموں وکشمیر سمیت تمام دیرینہ تنازعات کے حل کیلئے زیادہ بااختیار ہونے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے نیویارک (بقیہ 58 صفحہ 03)

پاکستان میں معاشی ترقی کا امکان ہے، ایشیائی ترقیاتی بینک

مالی سال 2023-24 میں پاکستان کی شرح نمو 2.4 فیصد تک پہنچنے کا امکان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایشیائی ترقیاتی بینک نے کہا ہے کہ عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے قرض پروگرام کے تحت اصلاحات کے نتیجے میں پاکستان میں مہنگائی کم ہوئی ہے اور معاشی ترقی میں اضافے کا امکان ہے۔ تعمیر کے لیے ایشیائی ترقیاتی بینک کی طرف سے جاری ا (بقیہ 44 صفحہ 03)

بلوچ: وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوارالحق سے سردار آصف شاہین کی قیادت میں سکول ٹیچر آرگنائزیشن کا وفد ملاقات کررہا ہے

جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کے پہلے یوم تاسیس کے موقع پر جلسہ اور ریلی

شہر بھر میں مکمل شٹر ڈاؤن، نجی تعلیمی ادارے بھی بند رہے جبکہ ٹرانسپورٹرز نے بھی رضاکارانہ طور پر جزوی پہیہ جام کیا

ایکشن کمیٹی کے مرکزی ممبران شوکت نواز میر، عمر نذیر کشمیری سمیت دیگر کی شرکت، رات گئے تک جلسہ جاری رہا

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) آل جموں کشمیر جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کے زیر اہتمام راولاکوٹ میں ایکشن کمیٹی کے قیام کے پہلے یوم تاسیس پر جلسہ عام منعقد کیا گیا۔ جلسے سے قبل ایک ریلی نکالی گئی جس نے شہر بھر کا چکر لگایا۔ اس دوران شہر میں مکمل شٹر ڈاؤن رہا، نجی تعلیمی ادارے بند رہے جبکہ ٹرانسپورٹرز نے رضاکارانہ جزوی پہیہ جام کیا۔ اس جلسہ میں آزاد کشمیر بھر سے لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی جس کے حوالے سے لوگوں میں بھرپور جوش (بقیہ 59 صفحہ 03)

پنجاب میں آکر قانون توڑو گے تو منہ توڑ جواب ملے گا، مریم نواز

اچھی سیاست نہیں کی تو ملک آگے نہیں بڑھے گا، فیصل آباد میں تقریب سے خطاب

فیصل آباد (صباح نیوز) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے وزیراعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ وہ گالیاں دینے، جلاؤ گھیراؤ کے بجائے عوام کیلئے کام کریں، میں پنجاب کے عوام کو دہشت گرد بنانے نہیں دوں گی، پنجاب میں قانون آ کر توڑو گے تو منہ توڑ جواب ملے گا۔ اچھی سیاست نہیں کی تو ملک آگے نہیں بڑھے گا۔ فیصل آباد میں ایگریکلچر گریجویٹس انٹرن شپ پروگرام کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ نوجوانوں کے نعرے لگانے (بقیہ 47 صفحہ 03)

لبنان پر حملہ، اسرائیلی جارحیت مسلسل بڑھ رہی ہے، منعم ظفر

بے حس حکمران، او آئی سی بھی اسرائیل کے خلاف عملی اقدامات کرنے پر تیار نہیں

کراچی (صباح نیوز) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے اسرائیل کی جانب سے لبنان پر حملے اور خواتین وبچوں سمیت تقریباً 500 سے زائد لبنانی شہریوں کی شہادت کی شدید مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ امریکہ ومغربی ممالک کی پشت پناہی کے باعث اسرائیل کی جارحیت اور دہشت گردی مسلسل بڑھتی جارہی ہے، اقوام متحدہ بھی اسرائیلی جارحیت روکنے اور اہل غزہ کے بعد لبنان کے (بقیہ 48 صفحہ 03)

چوہدری محمد یاسین سے سابق چیئرمین پی وائی او کی ملاقات

ہمیشہ پاکستان پیپلز پارٹی کو متحد ومنظم کرنے میں اپنا کلیدی کردار ادا کیا، گفتگو

سٹوک آن ٹرینٹ (دھرتی نیوز) صدر پاکستان پیپلز پارٹی وممبر قانون ساز اسمبلی آزاد جموں وکشمیر چوہدری محمد یاسین سے سابق چیئرمین پی وائی او برطانیہ وصدر کشمیر افیئرز یورپ سید شہزاد حیدر کی ون آن ون طویل ملاقات، اہم سیاسی وجماعتی امور پر تبادلہ خیال، صدر پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر چوہدری محمد یاسین نے سابق چیئرمین پی وائی او برطانیہ وصدر کشمیر افیئرز یورپ سید شہزاد حیدر کاظمی (بقیہ 45 صفحہ 03)

وزیراعظم شہباز شریف کی طیب اردوان سے اہم ملاقات

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم شہباز شریف کی ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان سے ملاقات ہوئی ہے، جس میں تجارت اور دفاع سمیت دیگر شعبوں میں مزید تعاون پر اتفاق (بقیہ 46 صفحہ 03)

ELECTIONS UNDER OVERSIGHT OF MILITARY SUPPRESSION IN
IIOJK ARE NOT SUBSTITUTE TO RIGHT TO SELF-DETERMINATION

راولاکوٹ: ڈپٹی کمشنر ممتاز کاظمی بھارت کی طرف سے مقبوضہ کشمیر میں نام نہاد ہونے والے الیکشن کے خلاف احتجاجی ریلی کی قیادت کررہے ہیں

چناری، باندی بقالاں میں سانپ کے کاٹنے سے طالب علم جاں بحق

چوتھی جماعت کا طالبعلم ریان ضیارف ولد ضیارف خان کا خاطر خواہ اور بروقت علاج نہ ہونے سے اسکی موت واقع ہوگئی

بروقت طبی امداد نہ ملنے کے باعث بچے کے جاں بحق ہونے پر شدید غم وغصہ کا اظہار، متعلقہ حکام سے فوری نوٹس کا مطالبہ

چناری (خصوصی رپورٹر) آزاد کشمیر کے ضلع جہلم ویلی میں سانپوں کے حملے جاری، چکار کے علاقہ باندی بقالاں میں سانپ کے کاٹنے سے چوتھی جماعت کا طالب علم بروقت طبی امداد نہ ملنے کے باعث جاں بحق ہوگیا، علاقہ کی فضا سوگوار، طالب علم کی نماز جنازہ ادا آبائی قبرستان میں آہوں اور سسکیوں کے سائے میں سپرد خاک کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ضلع جہلم ویلی کی تحصیل چکار کے گاؤں باندی بقالاں میں چوتھی جماعت کا طالبعلم ریان ضیارف ولد ضیارف خان سانپ کے کاٹنے سے زخمی ہوگیا، چکار، جہلم ویلی میں خاطر خواہ علاج ممکن نہ ہونے کے باعث طالبعلم مظفرآباد لے جاتے ہوئے (بقیہ 01 صفحہ 03)

چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی سے روس کے سفیر کی ملاقات

خطے، علاقائی وبین الاقوامی صورتحال اور باہمی تعلقات پر تفصیلی تبادلہ خیال

اسلام آباد (صباح نیوز) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے روس کے سفیر نے بدھ کو پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی جس میں خطے، علاقائی و بین الاقوامی صورتحال اور باہمی تعلقات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ روس (بقیہ 02 صفحہ 03)

حماس کی صلاحیتوں کو کافی حد تک ختم کردیا، ترجمان اسرائیلی فوج

تل ابیب (صباح نیوز) اسرائیلی فوج کے ترجمان نے کہا ہے کہ حماس کی صلاحیتوں کو کافی حد تک ختم کردیا ہے اور اب ان کا فوکس حماس کے قائدین کو ختم کرنے پر ہے۔ انہوں نے (بقیہ 03 صفحہ 03)

نیلم: ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر ابرار احمد میر کی ہدایت پر اسسٹنٹ فوڈ سیفٹی آفیسر آٹھمقام بازار میں اشیاء خوردونوش کا معیار چیک کررہے ہیں

چناری، بوائز مڈل سکول کے طلبہ کا مستقبل تاریک ہونیکا خدشہ

دوسو طالب علموں کیلئے محض ایک ٹیچر تعینات، حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

چناری (خصوصی رپورٹر) وزیر تعلیم سکولز آزاد کشمیر کے بلند و بانگ دعوے ہوائی نکلے، محکمہ تعلیم کے ذمہ داران بھی ستو پی کر سو گئے عوام مشکلات کا شکار، طلباء کا مستقبل داؤ پر لگ گیا، کملانہ ویلی کے گاؤں باندی پالا کے گورنمنٹ بوائز مڈل سکول میں دوسو طالب علموں کے لیے ایک ٹیچر ایک نائب قاصد تعینات، جبکہ لائن آف کنٹرول کے زیرو پوائنٹ پر واقعہ گورنمنٹ پرائمری سکول فیلاں میں (بقیہ 05 صفحہ 03)

لبنان کو دوسرا غزہ نہیں بننے دیں گے، مسعود پزشکیان

نیویارک (صباح نیوز) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ لبنان کو دوسرا غزہ نہیں بننے دیں گے۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں شرکت کے لیے امریکہ کے شہر نیویارک میں (بقیہ 04 صفحہ 03)

راولپنڈی: سردار شفیق احمد خان ڈاکٹر راجہ ممتاز حسین سے انکے سسر اور خالد محمود سے انکے والد کی وفات پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

کوئٹہ، پولیس موبائل کے قریب بم دھماکہ، ایک اہلکار سمیت 5 زخمی

قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں کے اہلکار دھماکے کی جگہ پہنچ گئے، جنہوں نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا

زخمیوں کو سول سنڈیمن ہسپتال منتقل کردیا گیا، دھماکا خیز مواد موٹر سائیکل میں نصب کیا گیا تھا، پولیس ذرائع کی تصدیق

کوئٹہ (صباح نیوز) کوئٹہ میں پولیس موبائل کے قریب بم دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں ایک اہلکار سمیت 5 افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق خالق شہید تھانے کی گاڑی کے قریب بم دھماکہ مشرقی بائی پاس پر ہوا، ایک پولیس اہلکار سمیت 5 افراد زخمی ہوئے۔ دھماکہ ہوتے ہی پولیس اور قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں کے اہلکار دھماکے کی جگہ پہنچ گئے، جنہوں نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔ زخمیوں کو فوری طبی امداد کے لئے سول (بقیہ 06 صفحہ 03)

جہلم ویلی: بھارت کی جانب سے مقبوضہ کشمیر کے نام نہاد انتخابات کے خلاف ڈپٹی کمشنر کی قیادت میں احتجاجی ریلی کے مناظر

جہلم ویلی کے گاؤں باندی گوریساں میں شادی شدہ خاتون کا مبینہ قتل

ورثاء کی جانب سے خاتون کے خودکشی کرنے کے بیانات، پولیس کی جانب سے نعش کا پوسٹ مارٹم بھی کردیا گیا

معلوم ہوا کہ خاتون کی کمر میں گولی لگی جو سینہ سے باہر ہوئی جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ خاتون نے خودکشی نہیں، پولیس

چناری (خصوصی رپورٹر) جہلم ویلی کے گاؤں باندی گوریساں میں شادی شدہ خاتون کو گولی مار کر قتل کردیا گیا، ورثاء کا خودکشی کا موقف، پولیس نے واقعہ مشکوک دیکھتے ہوئے نعش پوسٹمارٹم کے بعد ورثاء کے حوالے کردی، نماز جنازہ ادا آبائی قبرستان میں مٹی تلے سپرد خاک کردیا گیا، پولیس نے ابتدائی رپورٹ ڈال کر تفتیش شروع کردی۔ تفصیلات کے مطابق لمیاں، باندی گوریساں کی رہائشی شادی شدہ خاتون بشری بی بی زوجہ بشارت کو گولی مار کر قتل کردیا گیا، واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او تھانہ ہٹیاں بالا تو ید الحسن نے موقع پر پہنچ کر نعش ریکور کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ہٹیاں بالا پہنچائی جہاں پر ڈاکٹرز نے بدھ کے روز خاتون کا پوسٹمارٹم کیا، پوسٹمارٹم کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کی گئی، نماز جنازہ کے بعد خاتون کو آبائی قبرستان میں (بقیہ 07 صفحہ 03)

چکوٹھی: مضافاتی علاقہ فیلاں کے علاقہ مکین سکول کے مسائل کے حوالہ سے آگاہ کررہے ہیں

تنازعہ کشمیر کے حل کیلئے مذاکرات ناگزیر ہیں، میرواعظ عمر فاروق

پاک بھارت کشیدگی باہمی افہام وتفہیم کی متقاضی ہے، سینئر حریت رہنما کی گفتگو

سرینگر (کے پی آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس کے سینئر رہنما میرواعظ عمر فاروق نے بھارت پر زور دیا ہے کہ وہ تنازعہ کشمیر کے حتمی حل کے لیے پاکستان کے ساتھ بامعنی مذاکراتی عمل شروع کرے۔ میرواعظ عمر فاروق نے سرینگر میں ایک میڈیا انٹرویو میں کہا کہ پاک بھارت کشیدگی ختم کرنے کے لیے جنگ نہیں بلکہ بات چیت اور باہمی افہام وتفہیم کی ضرورت ہے۔ انہوں نے بھارت کی (بقیہ 08 صفحہ 03)

غزہ، 90 فیصد سکولوں کی عمارتیں اور سڑکوں کا 58 فیصد حصہ تباہ ہوگیا

غزہ (صباح نیوز) اقوام متحدہ کے جغرافیائی ڈیٹا میں اوپن سٹریٹ میپ سے نشاندہی ہوئی ہے کہ اسرائیلی حملوں میں غزہ کے تقریباً 90 فیصد سکولوں کی عمارتیں تباہ ہوچکی ہیں، 6 (بقیہ 09 صفحہ 03)

ایم ایل اے حلقہ سڑکوں کی حالت زار پر توجہ دیں، ممتاز خان

بلاڑی تا بوسہ گلہ لنک روڈ کی تکمیل سے عوام علاقہ بلاڑی مستفید ہوگی، خطاب

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) بلاڑی تا بوسہ گلہ لنک روڈ کی تکمیل سے عوام علاقہ بلاڑی مستفید ہوگی۔ یہ انتہائی اہمیت کی حامل رابطہ سڑک ہے بوسہ گلہ کو تاریخی مرکزی کی حیثیت حاصل ہے بوسہ گلہ میں ہائی سکول مڈل سکول میں طلباء وطالبات کیلئے آسانی ہوگی عوام کے جملہ افراد سیاسی کارکنان سماجی کارکنان مبارک کے مستحق ہیں اپنی مدد آپ کے تحت تقریباً دو کلومیٹر سڑک کی تکمیل پر عوام علاقہ کے (بقیہ 10 صفحہ 03)

اسرائیل میں ایک ہفتے کے لیے ایمرجنسی نافذ

تل ابیب (صباح نیوز) غزہ کے بعد لبنان پر حملوں کے پیش نظر اسرائیل میں ایک ہفتے کے لیے ایمرجنسی نافذ کردی گئی ہے۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق قابض صیہونی ریاست نے حماس اور حزب اللہ سے جھڑپوں کے بعد پورے (بقیہ 11 صفحہ 03)

مظفرآباد: مرکزی جنرل سیکرٹری یوتھ ونگ ن لیگ غضنفر علی شاہ ودیگر کارکنان کے ہمراہ بیکلی سرکار پر چادر چڑھا رہے ہیں

وائس چیئرمین یونین کونسل راولی کوٹھیاں کیخلاف عدم اعتماد

انکے گزشتہ 1 سال سے بیرون ملک ہونے کی وجہ سے قرارداد جمع کروائی گئی

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ممبران یونین کونسل راولی کوٹھیاں نے مشترکہ طور پر تمام ممبران نے وائس چیئرمین یونین کونسل راولی کوٹھیاں سید قرار حیدر کے خلاف تحریک عدم اعتماد جمع کروادی جو اپنے کاروبار کے سلسلے میں گزشتہ ایک سال سے زائد عرصے سے بیرون ملک ہیں۔ جو اپنی ذاتی مصروفیت کی وجہ سے یونین کونسل میں ٹائم نہیں دے رہے تھے آج ان کے خلاف تحریک عدم اعتماد (بقیہ 18 صفحہ 03)

کشمیری ڈھونگ انتخابات قبول نہیں کرتے، ڈپٹی کمشنر باغ

فراڈ الیکشن کسی صورت حق خودارادیت کا متبادل نہیں ہو سکتے، ہیں، ڈپٹی میئر

باغ (دھرتی نیوز) ڈپٹی کمشنر باغ محمد صداقت خان، ایس پی خرم اقبال، ڈپٹی میئر سید افراز گردیزی نے کہا ہے کہ ہندوستان مقبوضہ جموں کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرکے الیکشن کے نام پر ڈرامہ کر رہا ہے جسے کشمیری کسی صورت قبول نہیں کرتے بارہ لاکھ مسلح فوجیوں کے حصار میں مقبوضہ وادی کے مسلمانوں کی اکثریت کو اقلیت میں تبدیل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے ہندوستان دنیا کو جھوٹ ثابت کرنے میں لگا ہوا ہے کہ وہ ایک جمہوری ملک ہے کشمیریوں کا خون بہا کر جمہوریت کا ڈرامہ کرنے (بقیہ 17 صفحہ 03)

مظفرآباد: مسلم لیگ ن آزاد کشمیر یوتھ ونگ کے عہدیداران وکارکنان کا گروپ فوٹو

آئینی ترامیم پر پیپلز پارٹی کا موقف واضح ہے، شازیہ مری

مخالفت برائے مخالفت سے گریز کریں، اپنی تجاویز ضرور دیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما شازیہ مری نے کہا ہے کہ آئینی عدالت کا قیام ضروری ہے، آئینی ترامیم پر پیپلز پارٹی کا موقف واضح ہے۔ اسلام آباد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شازیہ مری نے کہا کہ مخالفت برائے مخالفت سے گریز کریں، تجاویز ضرور دیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو کیس میں انصاف لینے میں 45 سال لگ گئے، عدالتی نظام کو ریفارم کرنے (بقیہ 16 صفحہ 03)

سرینگر، بازیغہ اندرابی کے انتقال پر فریدہ بہن جی کا اظہار تعزیت

عبدالرشید لون کا مرحومہ کے گھر جاکر انکے شوہر اور دیگر اہل خانہ سے اظہار افسوس

سرینگر (کے پی آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس کی سینئر رہنما و جموں وکشمیر ماس موومنٹ کی چیئرپرسن فریدہ بہن جی نے نئی دہلی تہاڑ جیل میں قید کشمیری خاتون رہنما دختران ملت کی سربراہ آسیہ اندرابی کی بہن بازیغہ اندرابی کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحومہ بازیغہ اپنی بہن آسیہ اندرابی اور ان کے شوہر ڈاکٹر قاسم فکتو کی جیل میں حالت زار سن کر دل و (بقیہ 15 صفحہ 03)

باغ: مجسٹریٹ پرائس کنٹرول کمیٹی سہیل بشیر اشیاء خوردونوش کے ریٹس چیک کررہے ہیں

پنجاب میں ڈینگی کے وار جاری، مزید 82 کیسز رپورٹ

راولپنڈی 69، لاہور 4، چکوال 2، گوجرانوالہ ودیگر جگہوں پر 1 کیس رپورٹ

لاہور (صباح نیوز) پنجاب میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ڈینگی کے 82 نئے کیسز رپورٹ ہوئے۔ محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر نے پنجاب بھر میں ڈینگی کے اعداد وشمار جاری کر دیئے۔ ترجمان محکمہ صحت کے مطابق گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں راولپنڈی سے 69، لاہور سے 4 ڈینگی کے کیس رپورٹ ہوئے۔ ترجمان نے بتایا کہ چکوال سے 2 نئے مریض سامنے آئے (بقیہ 14 صفحہ 03)

اپوزیشن دباؤ یا لالچ میں عوام کا ساتھ نہ چھوڑے، بیرسٹر سیف

حکومت سے آئینی ترامیم پر مذاکرات انتخابات تسلیم کرنے کے مترادف ہے

پشاور (صباح نیوز) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ جعلی حکومت سے آئینی ترامیم پر مذاکرات 8 فروری 2024 کے انتخابات کو تسلیم کرنے کے مترادف ہے، سپریم کورٹ بھی انتخابی عمل کو متنازع قرار دے چکی ہے، موجودہ پارلیمنٹ جاہل اور غیر آئینی ہے۔ اپنے ایک بیان میں بیرسٹر سیف نے کہا کہ جعلی حکومت سے آئینی ترامیم پر مذاکرات دھاندلی زدہ الیکشن کو جائز قرار دینا ہے۔ اپوزیشن کسی دباؤ یا لالچ میں آ کر عوام کا ساتھ نہ چھوڑے، سپریم کورٹ (بقیہ 13 صفحہ 03)

اسلام آباد، بشریٰ بی بی کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات طلب

سیکرٹری داخلہ، آئی جی اسلام آباد سمیت فریقین کو نوٹس، مزید سماعت 27 ستمبر کو ہوگی

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد ہائی کورٹ نے بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات طلب کرلیں۔ جسٹس میاں گل حسن اورنگ زیب نے درخواست پر آفس اعتراضات کے ساتھ سماعت کی۔ عدالت نے دوران سماعت رجسٹرار آفس کے اعتراضات بھی دور کر دیے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے سیکرٹری داخلہ، آئی جی اسلام آباد سمیت فریقین کو نوٹس دے کر (بقیہ 12 صفحہ 03)

کشمیری لوگوں نے بھارتی فوجیوں کی بڑی چوری ناکام بنادی، گاڑیاں ضبط

لوگوں نے بڑی جرات سے بھارتی فوجیوں کی تین گاڑیوں کو روکا جو چوری شدہ سیبوں کے ڈبوں سے لدے ہوئے تھے

ضلع کے علاقے چتراگام کلاں میں مقامی لوگوں نے دو لوڈ کیریئر اور ایک اسکارپیو گاڑی کو رات کے دو بجے کے قریب روکا

سرینگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں وکشمیر میں شوپیاں کے لوگوں نے بڑی جرات کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھارتی فوجیوں کے زیر استعمال تین گاڑیوں کو روکا جو چوری شدہ سیبوں کے ڈبوں سے لدے ہوئے تھے۔ ضلع کے علاقے چتراگام کلاں میں مقامی لوگوں نے دو لوڈ کیریئر اور ایک اسکارپیو گاڑی کو رات کے دو بجے کے قریب روکا۔ تلاشی لینے پر گاڑیوں کے اندر سے چوری شدہ سیبوں کے سینکڑوں ڈبے برآمد ہوئے۔ اگرچہ مجرم اندھیرے کی آڑ میں فرار ہوگئے لیکن مقامی لوگوں نے فوری طور پر پولیس کو مطلع کیا۔ پولیس نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر گاڑیوں کو قبضے میں لے لیا۔ ایک پولیس افسر نے واقعے کی (بقیہ 19 صفحہ 03)

قومی مسائل حل کیلئے سیاسی جماعتوں کو بیٹھنا ہوگا، احسن اقبال

قومی صحت ایمرجنسی کی ضرورت ہے، وفاق اور صوبوں کو مل کر کام کرنا ہوگا، خطاب

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ قومی مسائل کے حل کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھنا ہوگا۔ اسلام آباد میں پارلیمانی فورم برائے آبادی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں کو ایک میز پر بٹھایا گیا ہے، جس میں قومی ایجنڈے پر مل کر بات کرنا ہوگی اور حل نکالنا ہوگا۔ احسن اقبال نے کہا کہ افرادی قوت (بقیہ 20 صفحہ 03)

لبنان پر اسرائیلی حملوں سے پیدا ہونیوالی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے، روس

ماسکو (صباح نیوز) روس صدارتی محل کریملن کے ترجمان دمتری پیسکوف نے کہا ہے کہ اسرائیل کے لبنان پر حملوں کے بعد مشرق وسطی میں پیدا ہونے والی صورتحال انتہائی خطرناک ہے اور ہمیں اس پر تشویش ہے۔ انہوں نے صحافیوں (بقیہ 21 صفحہ 03)

انتخابی ٹریبونل تبدیلی درخواست، پی ٹی آئی وکلا کو جواب جمع کرانے کیلئے ایک ہفتے کی مہلت

اسلام آباد (صباح نیوز) الیکشن کمیشن نے انتخابی ٹریبونل تبدیلی کی درخواست پر سماعت کرتے ہوئے تحریک انصاف کے وکلا کو جواب (بقیہ 22 صفحہ 03)

EAD OF ELECTIONS

نیلم: ڈپٹی کمشنر مدیم احمد جنجوعہ مقبوضہ کشمیر میں نام نہاد انتخابات کے خلاف احتجاجی ریلی کی قیادت کررہے ہیں

عالمی یوم فارماسسٹ پر جامعہ پونچھ میں خصوصی تقریب، سیمینار، واک

تقریب کا انعقاد شعبہ فارمیسی کے تحت کیا گیا، میڈیکل کے شعبہ میں ادویات کے درست استعمال پر تبادلہ خیال

ادویات کا غلط استعمال صحت کی تباہی کا باعث، وائس چانسلر ڈاکٹر ذکریا، ڈین ڈاکٹر شاہد، چیئرمین ڈاکٹر عابد کا اظہار خیال

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ کے شعبہ فارمیسی کے زیر اہتمام عالمی یوم ''فارماسسٹ'' کے موقع پر خصوصی تقریب، آگاہی واک اور سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کا انعقاد شعبہ فارمیسی کے تحت کیا گیا۔ تقریب میں اظہار خیال کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد ذکریا ذاکر (پرائیڈ آف پرفارمنس)، ڈین میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر شاہد اقبال اعوان اور چیئرمین شعبہ ڈاکٹر عابد حسین نے میڈیکل کے شعبہ میں ادویات کے غلط استعمال کے نقصانات اور درست طریقہ استعمال کی اہمیت، اور ادویات کے غلط استعمال سے کیسے بچا جاسکتا ہے؟ پر تبادلہ خیال کیا۔ (بقیہ 23 صفحہ 03)

مقبوضہ کشمیر کے حالات انتہائی غیر معمولی ہیں، فریڈم پارٹی

غیر ملکی سفارت کار بھارتی حکومت کے جھانسے میں نہ آئیں، ترجمان

سرینگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں وکشمیر میں ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی نے غیر ملکی سفارت کاروں پر زور دیا ہے کہ وہ علاقے میں حالات معمول پر آنے کے بھارتی حکومت کے جھانسے میں نہ آئیں۔ یہ جان بوجھ کر ڈھونگ انتخابات کے دوسرے مرحلے پر بھارت کی طرف سے غیر ملکی سفارت (بقیہ 24 صفحہ 03)

چناری، حلقہ 7 کے سیاسی وارث ابھی زندہ ہیں، شکیل کیانی

چناری (خصوصی رپورٹر) نوجوان قانون دان و سابق امیدوار برائے قانون ساز اسمبلی آزاد کشمیر شکیل احمد کیانی ایڈووکیٹ نے کہا (بقیہ 25 صفحہ 03)

باغ نانگا پیر میں تین روزہ فیسٹیول 27 ستمبر سے شروع ہوگا، نثار شائق

فیسٹول میں وزراء حکومت، اعلیٰ عسکری شخصیات، کھیلوں سے وابستہ اہم شخصیات خصوصی طور پر شرکت کریں گی

ہائیکرز نانگا پیر سے گنگا چوٹی سمیت مختلف سیاحتی مقامات سے ہائکنگ کرتے ہوئے گنگا چوٹی پہنچیں گے، الپائن ایسوسی ایشن

باغ (دھرتی نیوز) الپائن ایسوسی ایشن آزاد کشمیر کے صدر راجہ نثار احمد شائق نے کہا ہے کہ باغ نانگا پیر میں تین روزہ فیسٹیول 27 سے 29 ستمبر کو نانگا پیر کے تاریخی مقام پر شروع ہو رہا ہے فیسٹیول کی تمام تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں، وزراء حکومت، اعلیٰ عسکری شخصیات، کھیلوں سے وابستہ اہم شخصیات خصوصی طور پر شرکت کریں گی، پاکستان بھر سے کثیر تعداد میں مرد وخواتین ہائیکرز اور ایتھلیٹس شرکت کریں گے، فیسٹیول کی افتتاحی تقریب 27 کو ہائیکنگ کے ایونٹ سے ہوگی ہائیکرز نانگا پیر سے گنگا چوٹی سمیت مختلف سیاحتی مقامات سے ہائکنگ کرتے ہوئے گنگا چوٹی پہنچیں گے جہاں دعائیہ تقریب منعقد کی جائے (بقیہ 26 صفحہ 03)

بلوچ: وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق سے شمشاد علی نظامی کی قیادت میں صحافیوں کا وفد ملاقات کررہا ہے

انتخابات کشمیر کے لوگوں کا اندرونی معاملہ ہے، عمر عبداللہ

غیر ملکی سفارتکاروں کو مدعو کرنے سے مودی حکومت کا تضاد ظاہر ہوتا ہے، تنقید

سرینگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں وکشمیر میں نیشنل کانفرنس کے نائب صدر عمر عبداللہ نے اسمبلی انتخابات کے مشاہدے کے نام پر غیر ملکی سفارتکاروں کو مدعو کرنے کے بھارتی حکومت کے فیصلے پر کڑی تنقید کی ہے۔ عمر عبداللہ نے مودی حکومت کے مقاصد پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ اس سے ان کے موقف میں تضاد کی عکاسی ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب غیر ملکی حکومتیں کشمیر کے بارے میں (بقیہ 27 صفحہ 03)

برطانوی وزیراعظم کی برطانوی شہریوں کو فوری لبنان چھوڑنے کی ہدایت

لندن (صباح نیوز) برطانوی وزیراعظم سر کیئر اسٹارمر نے برطانوی شہریوں کو فوری لبنان چھوڑنے کی ہدایت کردی۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق برطانوی وزیراعظم نے لبنان (بقیہ 28 صفحہ 03)

سماجی تنظیم اوج اے ثریا کی خدمات لائق تحسین ہیں، اسسٹنٹ کمشنر باغ

ڈاکٹر ثریا ضیاء جیسی درددل رکھنے والی خواتین ہمارے معاشرے کی ترقی میں اہم کردار ادا کررہی ہیں جو خوش آئند ہے

معاشرے کے اندر چند ہی لوگ ایسے ہوتے ہیں جو فلاحی کام کسی منصوبہ بندی کے تحت کرتے ہیں، منعقدہ تقریب سے خطاب

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر باغ سہیل بشیر نے کہا ہے کہ دکھی انسانیت کی خدمت کے لیے سماجی تنظیم اوج اے ثریا کی خدمات لائق تحسین ہیں ڈاکٹر ثریا ضیاء جیسی درددل رکھنے والی خواتین ہمارے معاشرے کی ترقی میں اہم کردار ادا کررہی ہیں، غریب نادار، بیوہ اور یتیم معاشرے کی خصوصی توجہ کے متقاضی ہوتے ہیں، ایسے مستحقین اور سفید پوش طبقہ کی مدد ہر صاحب ثروت کی ذمہ داری ہے مگر معاشرے کے اندر چند ہی لوگ ایسے ہوتے ہیں جو فلاحی کام کسی منصوبہ بندی کے تحت کرتے ہیں انہی لوگوں میں اوج اے ثریا کی چیئرپرسن ڈاکٹر ثریا ضیاء کا شمار ہوتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چھتر نمبر (بقیہ 29 صفحہ 03)

باغ: ووکیشنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کی کمیٹی کے چیئرمین سردار صیاد، تبسم خان ودیگر اجلاس سے خطاب کررہے ہیں



باغ: اسسٹنٹ کمشنر سماجی تنظیم اوج اے ثریا کی طرف سے بچوں میں اسکالرشپ کی رقم تقسیم کررہے ہیں

For DAILY KASHMIR DHARTI NEWS UPDATE
FOLLOW US ON
Kashmir Dharti Digital
Dailydharti/facebook
Dailydharti/group
Dailydharti/twitter
Dailydharti/Instagram
Dailydharti/zoom

کشمیر دھرتی
HD NEWS
NEWS

چیف ایڈیٹر وپبلشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر بینک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864 ، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com

ادارتی صفحہ

Editorial

روزنامہ
کشمیر دھرتی
www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com
Ph: 05824-445864 Fax: 05824-445865
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ✸ ایڈیٹر: عمر خیام

حسام شہزاد پاکستانی حکام کے حوالے کردیا گیا

چند روز قبل ایل او سی کراس کرنے والا حسام شہزاد واپس آ گیا، کمشنر پونچھ ڈویژن سردار وحید خان کے مطابق نوجوان کو پاکستانی حکام نے انڈین حکام سے باضابطہ نوجوان کو وصول کر لیا، یاد رہے کہ تیتری نوٹ کے رہائشی سائیں شہزاد کا بیٹا حسام شہزاد غلطی سے تیتری نوٹ کے مقام پر لائن آف کنٹرول کے قریب سے مقبوضہ کشمیر کی حدود میں داخل ہو گیا تھا جسے انڈین حکام نے تحویل میں لے لیا تھا اور اسے مجاہد قرار دے کر تفتیش شروع کی گئی تھی، مقامی ذرائع کے مطابق حسام شہزاد گھریلو پریشانیوں کی وجہ سے نفسیاتی مسائل کا شکار تھا اور نشے کا بھی عادی تھا، وہ اس سے قبل میرپور ترک منشیات کے ہسپتال میں بھی داخل رہا، نشے کی غرض سے وہ ایک مکان میں داخل ہوا اس دوران قریب کے لوگوں کو پتہ چلا شور شرابا ہونے کے باعث ڈر اور خوف کے باعث بھاگ کر حسام شہزاد ایل او سی کراس کر گیا تھا، ذرائع کے مطابق حسام ایک غریب خاندان سے تعلق رکھتا تھا ہے اور ذہنی طور پر بھی نارمل نہیں تھا جسے گزشتہ روز باضابطہ پاکستانی حکام کے حوالے کر دیا گیا۔

ایل او سی کے قریب قبل ازیں بھی اس طرح سے لوگوں کو بھارتی فوج اٹھا کر لے جاتی رہی ہے اور خصوصاً مقامی لوگوں کو وہاں گھاس کٹائی و دیگر کام کاج کے دوران بھارتی فوج نے یہ الزامات لگا کر انہیں اپنی تحویل میں لیا کہ وہ بھارتی زیر انتظام کشمیر کی حدود میں داخل ہوئے، اس طرح کے واقعات کی روک تھام کیلئے حکومت آزاد کشمیر کو بھی خصوصی طور پر اقدامات اٹھانا ہوں گے اور انسانی حقوق کے ادارے اس طرح کے اقدامات کے خلاف آواز اٹھائیں تا کہ ایسے نوجوان جو یا تو غلطی سے ایل او سی عبور کر جاتے ہیں یا پھر انہیں آزاد کشمیر کی ہی حدود سے بہانہ بنا کر اٹھایا جاتا ہے وہ واپس اپنے والدین سے مل سکیں اور بھارتی تحویل سے ان کی آزادی میں حائل رکاوٹیں دور ہو سکیں۔

جانی بنوں بیف پلاؤ
لذیذ کھانوں کا واحد مرکز
فری ہوم ڈیلیوری دستیاب ہے
ایک بار ضرور آزمائیں
فیملی کے لئے پردے کا انتظام موجود ہے
پروپرائیٹر: کامران خان اینڈ سنز
0346-5919154 / 0336-8541491
بینک روڈ راولاکوٹ

مانوس

ماڑیا بختاوہ۔۔۔

کبیر خان

بڑی چاچی کے مطابق وہ اُن کے "ملتی ستی" "لاڈلے" اور اپنی ماں کے پیارے ہیں۔ اسی رشتہ و پیوند کے مارے وہ ہمارے "مامے" لگتے ہیں۔ لیکن ہیں وہ بھی ہماری طرح مثالی "وہیلے" "مکمل فارغ۔ اور سیانے بیانے جانتے ہیں کہ فارغ بندے سے زیادہ مصروف کوئی شخص نہیں ہوتا۔ وہ علی الصباح گڑ کی چائے کے ساتھ مکا کی روٹی، اور ہم لگی ہے سے نہار منہ مار کھا کر چڑیوں کے شکار کو نکلتے تھے۔ اور سارا سارا دن جھنڈ جھولے میں اُس "ہیک گڑوی" (چڑیا) کی تلاش میں رہتے جسے مائی کے کلی سنسار نے چار روز قبل تاک کر غلہ جڑا تھا۔ اپنے دعوے کے ثبوت میں مضروب ہیک گڑوی کا ایک پر بطور "اگزہبٹ نمبر ون" جیب میں رکھتے تھے۔ "تیرے مامے کبھی تیری طرح بے ثبوتی نہیں چھوڑی۔۔۔" وہ کہتے۔ تلاش کے اسی مشن کا چوتھا روز تھا کہ مائی کا واویلا پوری وادی میں بلند ہوا۔۔۔ "جوانی کھایا دوڑ، تیری ما ہاں (چیل) معصوم پالے بچڑے کو جھپٹ کر مرگوں کی اور نکل گئی ہے۔ نامراد اُٹھی اٹھی دوڑ اور وہ سرپٹ بھاگ نکلے۔ ہانپتے کانپتے کیرا کی تک پہنچے تو آگے مستری چاچا کا ساؤ سینگوں پر مٹی لگائے "کھورو" کر رہا تھا۔ جائے رفتن نہ پائے ماندن۔ انہوں نے فرضی "تھک ہن" (ٹاس؟) کیا اور ٹاس کے مطابق ایک طرف کو سرپٹ بھاگے۔ آگے بتولی چاچی نالے کے یخ پانی میں پیر ڈالے آپس میں "ہک آنج" (تجھے؟) فرما رہی تھیں "نی تجھے تو لیج کا گولہ، تو لنیترے کو کوٹھے پر جائے تو ٹھیک آخری سیڑھی پر تیرے پیر میں موچ آ جائے۔ اور اُوپر سے سیر سیر کے گولے (اولے) برسیں۔ تو ادھر کی ٹیس سہلائے تو اُدھر کی ہائے پھوٹ پھوٹ جائے۔ نی تیرا ککھ نہ رہے۔"

"مرگوں کو یہی رستہ جاتا ہے؟" اُس نے ڈرتے ڈرتے پوچھا۔ "ہاں، مگر تو مرگوں کے گھر کیوں پڑ گیا ہے؟ ماں نے پکا ہوا؟ پکڑ لانے کو کہا ہے؟ جا خصماں نوں کھا، یہی شارٹ کٹ پڑے گا۔ لیکن چلنے پائے دھیان رکھو کہ اس رستے میں تتیا کھیرہ کا کٹھا اور جوانی کھایا کا کلا بھی پڑتا ہے۔ تو راستے میں جتا ٹوڈ نہ کھانے لگ پڑا اور ناک کی سیدھ میں لگا گیا تو چوتھے دیہاڑے مرگوں کے نچے ٹکو کی ٹلی تک تو اپڑ ہی جائے گے، پکا۔" وہ بتولی چاچی کے روڈ میپ پر بڑھتے چلے گئے۔ مگر گوراہ کی گلی پوٹھی کھوالاں سے بھی آگے اتنی ہی دوری پر واقع تھی جتنی پوٹھی چھپریاں سے۔ یعنی دوریوں کا کوئی انت نہیں۔ لیکن روشن ماما نامراد چیل کے چنگل سے بچڑا چھڑوانے نکل چکے تھے۔ اُدھر پیچھے پوری وادی میں وہ سماں کہ شام غریباں کہیں جسے۔ وہ اپنی زندگی کا پہلا موقع تھا کہ ہم سے مامے کا دامن چھوٹ گیا۔ اور اندھا دھند دوڑنے کے باوجود بمشکل تمام ہارے والی چاچی کے گھر تک پہنچ پائے۔ اس سے آگے فرشتوں کے بھی پر جلتے تھے۔ چاچی کا خونخوار "سرگھی" "ہشیار کھڑا تھا۔ وہ ظالم اڑ کر ایسے نازک مقام پر "پچکا" مارتا تھا کہ حیادار بندہ سر عام حل دل بھی نہیں کر پاتا تھا۔ اس معرکہ حق و باطل سے روشن ماما جب لوٹ کے آئے تو اُن کے دونوں پیر ڈھی تھے، لیکن چہرہ ہشاش بشاش کر رہا تھا "وہ نہیں ہے، بہر حال میں مستری چاچا کا باغ؟ اس کے بیر بے پر لش لش کرتے آلو بخارے دیکھ کر چنگے بھلے بندے کو تپ چڑھ جاتا ہے۔ میں وہ تین بخار تیرے لئے بھی لایا ہوں، لیکن کسی کو بتانا نہیں۔ مجھے کہ نہیں" دوسرے روز معلوم ہوا کہ وہ آلو بخارے نہیں، ویسا ہی کوئی اور بہشتی میوہ تھا۔ اور ڈیگر مال کا پیٹ صاف کرنے کو سال میں صرف ایک بار دیا جاتا تھا۔ ہم تو پورے تین دانے کھا چکے تھے۔ (اس کے بعد ہم نے بھی کوئی خوشنما پھل چکھ کے نہیں دیکھا۔ بہت ہوا تو سنگھاڑا اور گیانی کا "خارقہ" کر لیا سو کر لیا۔ اور بس۔ مغوی بچڑا بازیاب نہ کر سکنے پر مامے پر کیا گذری؟ معلوم نہیں، لیکن پچھلے سال کی نئی پوہیں او جبڑا لانے کی پاداش میں رات کو سوتے تک اُن کے ساتھ چار ہار سخت "گنتی" ہو چکی تھی۔ پھر رنج و غم سے نڈھال مائی آپ چڑھتے ہوئے "گڑھ" کے ساتھ "چلا چلا" کرتی نیند کی وادی میں اتر گئیں۔

روشن ماما شکار شغور کے علاوہ کھیل کود میں بھی ید طولیٰ رکھتے ہیں۔ وہ ذات برادری کے واحد کھلاڑی واقع ہوئے ہیں جو بڑے مالوں میں مائی کے سابق اونی سویٹر کا گلبوت چڑھا کر کھڈو سے "فٹ بال" کھیلنے کا جگرا رکھتے ہیں۔ تاہم خواہ کے تھاپ، پاؤلی، کٹے، کلیا اور بڑے ٹھلے سے مقابلہ کا وہ قرین مصلحت نہیں جانتے۔ لیکن کسی بھی کھیل میں رنت نئی "روہڑی" (مسوڑی) ڈالنے میں اپنا ثانی نہیں رکھتے۔ (ہمیں نہیں یاد کہ ہماری ٹیم نے ٹفنے کے بغیر کسی میچ کو "تمت بالخیر" کیا ہو)۔ ان کی ذاتی کاوشوں کے نتیجہ میں ہماری ٹیم پر مجموعی طور پر تب تلک پورے تیس تحت تصفیہ میچ چڑھے ہوئے تھے۔ اللہ پاک معاف کرے تو کرے، کوئی "ریفلی" فیصلہ شاید ہی کر پاتا۔ ہم دل سے دعا گو ہیں کہ اللہ پاک روشن مامے سے اُن اعمال کا حساب بھی نہ لے جو ابھی تک بستہ "ب" میں تحت تصفیہ پڑے سڑ رہے ہیں۔

مامے نے ایک بار ہر قسم کی پھڈے بازی سے تائب ہو کر اپنی لائن سیدھی رکھنے کے لئے محکمہ برقیات میں لائن مینی بھی اختیار کی تھی۔ لیکن وہ بجلی کو راہ راست پر نہ لا سکے۔ کرنٹ کبھی کالی تار سے سرخ میں دوڑ جاتا کبھی سرخ سے سیاہ میں۔ اور کبھی کبھی تو بے تار ہی چلتا پھرتا۔ اسی برقی علت کو دور کرتے ہوئے ایک بار کرنٹ سے اُن کی دست بدست لڑائی بھی ہو گئی۔ اپنے دست و بازو تڑوا بیٹھے لیکن کھمبے بھی سال بھر ہسپتال میں پڑے مرہم پٹیاں کرواتے اور کراہتے رہے "ہائے ساول تو کیا کہ بیلے"۔ اس عرصہ اصلاح میں روشن ماما چھوٹے والے دیالے کی طرح کتاب دیکھ کر بھی پیچیدہ برقی مسائل حل کیا کیے۔ (ہمارے محلہ میں اب بھی بجلی کے بعض کھمبوں کے گلوں میں مڑے ہوئے تعویذ پڑے ہیں۔) وہ دکھی انسانیت کی خدمت کرنے کی پریکٹس بھی کرتے رہے۔ لیکن بوجوہ کسی کا دکھ دور کرنے میں خاطر خواہ کامیابی نہ مل سکی۔ "اس میں قصور میرا نہیں، اُس عارضی لین سپری ڈنٹھ کا ہے جو نچلی سے زیادہ نچلی کے کھمبوں پر چڑھنے والے لکڑوالوں (کھمروں) پر نظر رکھتا ہے۔ اور یاروں پر بے ثبوتیاں تھونپتا رہتا ہے۔ خدا ہونی کہو، دن دیہاڑے لوہے کے کھمبے سے لپٹنے والی ٹل پرائی باڑی میں میں نے بیچی ہے؟ شرافتوں کا تو زمانہ ہی نہیں رہا، پیر جناب شاہ کی قسم، اس لین سپری نے شکایتوں کی سرکاری کاپی میں لین کے ساتھ ساتھ اُگنے والی ککڑیوں کا ریکارڈ بھی میں نے ضبط کر رکھا ہے؟ اور ہر دوسرے تیسرے روز کون گھروں کی مالکوں کو خبردار کرتا ہے کہ بجلی کی لین کے نیچے جون جون سے پھل فروٹ ازقسم ککڑ و لے وغیرہ اگائے گئے ہیں، وہ بحق سرکار ضبط ہوں گے۔ کس واسطے کہ جہاں جہاں بجلی کے تاروں کا سایہ پڑتا ہے، وہاں وہاں تک باڑی آپی آپ بحق سرکار محفوظ ہو جاتی ہے۔ وہاں سے کوئی مائی کا لال ککڑ ولا اور آروانڑا گیا گھاس کا تیلا بھی نہیں کاٹ سکتا۔ اور یہ کہ اس ڈائری میں سب کا ریکارڈ محفوظ ہے۔ پھر نہ کہنا محکمہ والوں نے خبر نہیں دی۔"

"لین جی" کے اس عہد زریں میں ماما مذکور سرکاری دورے پر نکلتے تو تین چار غرض مند اُن کے بستہ "ب" بردار ہوتے۔ اپنے منصب کے بارے میں وہ کبھی "لابڑ پاڑی" نہیں چھوڑتے تھے۔ کبھی کبھی موڈ میں ہوتے تو کہتے: "لین جی کیا بلا ہے؟ تتی پوچھو۔ ہا چھاو! یاروں نے ایک بار سپر مائیزر سے کہا کہ سابھوا پاتیلا۔ کہ مزید ہم ہم سے یہ بار لطف اٹھایا نہ جائے گا

وہ تڑپ کر رہ گیا۔ اپنے دونوں خالی ہاتھ یاروں کی تھوڑی میں دے دیے۔ اور بولا بال بچے دار ہوں، اوپر سے گھروالی بھی بے پاوتی پائی ہے۔ فائنٹ کوٹھے پر چڑھ کر گیت پڑھتے تھکتی ہے۔ اور آدھی رات تک اسی توے پر سوئی اٹکائے دواڑ لگائے رکھتی ہے۔ قسم سے آسے وہ بھی منہ زبانی یاد ہے، جو کبھی میری دادی نے بھی نہیں اُگلا ہوگا۔ اپنا گزارا تو پھر بھی ہو ہی جائے گا، لیکن تمہارے بغیر وچارے اسکی آن صاب کا کیا بنے گا؟ نیک بختا! حالی تائیں اُن کے کوٹھے کی کچی چھت بھی پوری نہیں پڑی۔ کیوں کسی کال سرے کی ہائے لینے لگے ہو؟ توبہ تئی سائے کی کر"۔ بس اپنی بھی تھوڑ تک کانپ گئے۔ کہا جاوہ معاف کیا۔ تب سے جب بھی ایس کی آن صاب اُدھر سیالا گھنٹے چلا گھنٹے ہیں، یاروں کی خدمت یک ذس میں سلام ٹھوک کے نکلتے ہیں۔ اس سے زیادہ یاروں کو چاہیے بھی کیا۔ "ماماں عموما" کار سرکار میں گوڈے گوڈے مصروف رہتے ہیں۔ لیکن اپنی سماجی ذمہ داریوں سے غافل نہیں رہتے۔ لگ لڑ میں کوئی خوشی غمی آ کر ٹھنڈی بھی ہو جائے، بھولتے نہیں۔ جب بھی فرصت ملی حلقہ گھر گھرانے پہنچ کر اپنی مصروفیت کا رونا روتے ہیں۔ پھر واقعہ کے بارے میں اپنے نیک خیالات کا اظہار کرتے ہیں۔ اور متاثرین مخمصے میں پڑ جاتے ہیں کہ چالیسویں کی دعا کرنے آئے ہیں یا "بند پھیرے" کی مبارک باد پڑھ پھونکنے؟ دیر سویر کی بدولت بسا اوقات تاریخی کھلے واقع ہو جاتے رہے۔ چنانچہ جس گھر میں شاباشی دینا ہوتی، وہاں "منجا" شو کر آتے، اور جہاں منجا واجب ہوتا وہاں شاباشی برسا آتے۔ لیکن ماما کے خلوص کی عقیدت میں ذرہ برابر کھوٹ نہ ہوتا۔ ماما کی سب سے بڑی خوش قسمتی یہ رہی کہ مائی عین عالم شباب میں ثقل سماعت کی شکار ہو گئیں۔ چنانچہ گھر میں یک طرفہ نقص امن کے امکانات "اللہ وتوں" معدوم ہو گئے۔ اور گھر میں مستقل شانتی اوم، شانتی اوم۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

وادی لیپا جہلم ویلی کا سیاحتی سفر (آخری قسط)

چنار
☆☆☆
پروفیسر ریاض اصغر ملوٹی

چک پترا کے ساتھ کوڑا ٹاپ پار رہے کیانی رینج سے آگے دائیں طرف منڈا کلی ہے۔ بائیں طرف میدان سے آگے کبوتر پوسٹ دن تو پھر بھارتی مقبوضہ کشمیر کا علاقہ شروع ہو جاتا کانیاں کا علاقہ بھی اسی طرف آتا ہے۔ سرحد پار قاضی ناگ پہاڑ ہے اور اس کے دامن میں بتاتے ہیں قاضی ناگ قدرتی جھیل ہے یہاں سے 3 قاضی ناگ نالے نکلتے ہیں ایک نالہ قاضی ناگ لیپا کی طرف بہتے ہوئے ٹیٹوال کے قریب نیلم میں گرتا ہے دوسرا قاضی ناگ جھیل سے نکل کر اوڑی کے قریب دریائے جہلم میں اور تیسرا قاضی ناگ نالہ پانڈو کراڑاں گہل جہاں سے بہتا ہوا دریائے جہلم میں گرتا ہے۔ لیپا کے نالہ قاضی ناگ پر دو ہائیڈرل پاور پراجیکٹ ہیں ایک لیپا میں جہاں 1.6 میگاواٹ بجلی پیدا ہوتی ہے دوسرا بند مولا ہائیڈرل پروجیکٹ ہے جہاں سے 2 میگاواٹ بجلی پیدا ہو رہی ہے۔ یہ پروجیکٹ ہم نے دیکھے۔ چلتی ہوئی ٹربائن دیکھیں۔ بند مولا ایم ٹو پر تیزی سے کام جاری اور آخری مرحلہ پر ہے۔ اس کی تکمیل کے بعد یہاں بھی دو میگاواٹ بجلی پیدا ہوگی۔ اس طرح یہاں سے 4 میگا واٹ اور لیپا سے 1.6 میگاواٹ پیداوار ہوگی۔ اس پورے علاقے میں لوکل بجلی پیدا ہو رہی ہے۔ کوئی لوڈ شیڈنگ نہیں مناسب بل آتے ہیں۔ پروجیکٹ پر مامور افراد نے ہمیں بریفنگ دی۔ لوکوٹ چھیاں میں ایک چھوٹا سا خوبصورت بازار ہے جہاں سے ہمارے ساتھیوں نے ارزاں نرخوں پر اخروٹ خریدے چھیاں بازار سے ایک 7 کلومیٹر لمبی سڑک تریڈھا شریف کی طرف جاتی ہے۔ قاضی ناگ نالہ انڈیا کی طرف سے آتا ہے۔ ہم میدان پارک سے واپس لوکوٹ کی طرف آئے۔ لوکوٹ یادگار شہداء سے بائیں طرف کچھ فاصلہ پر ایک 5 منزلہ مکمل لکڑی سے تیار کیا گیا گھر ہے جسے لیپا جانے والے تمام ٹورسٹ دیکھنے جاتے ہیں چھت دیواریں اور فرش لکڑی سے بنا ہے۔ یہ قدیمی گھر صحیح حالت میں آج بھی آباد قابل استعمال کشمیری فن تعمیر کا شاہکار ہے۔ یہ دیکھنے کے بعد ہم لوکوٹ بوائز ہائی سکول گئے جہاں کے صدر معلم صاحب نے بتایا کہ لیپا تین یونین کونسل پر مشتمل ہے۔ ایک یونین کونسل لیپا دوسری لوکوٹ اور تیسری بنا مولہ ہے اس وقت آبادی 70 ہزار سے زائد ہے زیادہ لوگ مظفرآباد پاکستان کے مختلف شہروں اور بیرون ممالک ملازمت اور کاروبار کرتے ہیں تاہم اکثریت آبادی زمینداری کام سے وابستہ ہے۔ مقامی ایک بزرگ شخص نے لوکوٹ میں بتایا کہ لوکوٹ سے آگے ایک علاقہ ہے گاؤں ہے جس کا ن محلہ لوہاراں ہے جہاں سے میاں نواز شریف کے آباء اجداد لاہور منتقل ہوئے تھے۔ لیپا کے علاقے کو کرناہ بھی کہا جاتا ہے۔ کرناہ آزاد کشمیر اور مقبوضہ کشمیر میں تقسیم ہے۔ لیپا وادی کی پشت پر شمس بری بلند ترین پہاڑ ہے جس کے پیچھے مقبوضہ کشمیر کا کپواڑہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہے۔ اس کے ساتھ ہندواڑہ بھی کشمیر کا ایک علاقہ ہے۔ کپواڑہ ضلع کے ساتھ بانڈی پورہ مقبوضہ کشمیر کا ضلع ہے جو کیل سے تاؤبٹ کے سامنے کا مقبوضہ علاقے پر مشتمل ہے۔ یہ آر پار علاقہ کرناہ دراوہ بھی کہلاتا ہے۔ لیپا کا علاقہ 1947ء سے قبل تحصیل ٹیٹوال کا حصہ تھا۔ لیپا میں مغل کشمیری اعوان جنجوعہ راجپوت عباسی چوہدری مختلف قبائل آباد ہیں اور ایک دوسرے کے ساتھ رشتہ داریاں کرتے ہیں امن بھائی چارے کا پر سکون ماحول ہے۔ قبائلی عصبیت نہیں ہے۔ اس اعتبار سے باقی علاقوں سے بالکل مختلف ہے۔ لوکوٹ منڈا کلی وغیرہ علاقے دیکھنے کے بعد ہم واپس لیپا شہر آئے کھانا کھایا اور نماز ظہر کے بعد ہم تریڈھا شریف زیارت کے علاقے کی جانب روانہ ہو گئے۔ تریڈھا شریف میں سائیں مٹھا بابا کی زیارت ہے۔ روایت کے مطابق یہ بزرگ مقبوضہ کشمیر سے آئے تھے میاں کہلاتے ہیں چوٹی پر زیارت ہے ایک چھوٹی سی مسجد ساتھ دو کمرے ہیں جہاں قبریں ہیں۔ چوٹی پر ہماری فرنٹ پوسٹ ہے اور پوسٹ اور قبر کے درمیان 20 فٹ کا فاصلہ ہے۔ مزار پر آرمی ہے گیٹ پر بھی چیک پوسٹ ہے۔ زیارت کے نیچے 50 فٹ کے فاصلے پر دو تین بڑے گھر ہیں جہاں مٹھا بابا کی آل اولاد رہتی ہے۔ ان گھروں میں ہر وقت لنگر لگا رہتا ہے۔ ہر کوئی کھانا کھائے بغیر واپس نہیں جا سکتا۔ ایک بڑا ہال ہے فرشی دری بچھی ہے ہم بھی بیٹھ گئے دیگر لوگوں کے ساتھ ہم نے بھی چاول اور سبزی کھانا کھایا ساتھ والے برآمدے میں سجادہ نشین بزرگ میاں یونس تشریف فرما تھے۔ ملاقات کی انہوں نے دعا فرمائی اور اجازت لے کر ہم اوپر زیارت پر گئے وہاں آرمی والے نہ تو تصویر بنانے دیتے ہیں اور نہ ہی زیادہ دیر ٹھہرنے دیتے ہیں۔ زیارت کے باہر ایک بڑے ٹاور پر لوڈ سپیکر کی بہت بڑی بڑی بالٹیاں مشرق کے رخ پر لگی ہیں پوچھنے پر معلوم ہوا کہ 1971ء تک مقبوضہ کشمیر کی جانب سے زائرین کو عرس پر زیارت آنے کی اجازت تھی بغیر پاسپورٹ کے ہزاروں لوگ آتے تھے۔ 1971ء کی پاک بھارت جنگ کے دوران بھارت نے زائرین کے آنے پر پابندی لگا دی جب عرس ہوتا ہے تو ساری تقریبات کو لوڈ سپیکر پر سنایا جاتا ہے اور پار مقبوضہ کشمیر کے سامنے علاقے میں ایک مخصوص جگہ پر وہاں سے ہزاروں لوگ جمع ہوتے ہیں اور وہاں عرس مناتے اور دعا میں شریک ہوتے ہیں۔ وہاں کے لوگوں کی بڑی عقیدت ہے۔ اس زیارت سے انہوں نے پابندی کے بعد وہاں ایک علامتی جگہ بنا رکھی ہے۔ اس زیارت سے شمال کی طرف ٹیٹوال کی جانب محض 50 میٹر کے فاصلہ پر بھارتی پوسٹ آبادی اور پختہ سڑک کو آتی ہے۔ زیارت کے مغرب میں بھی بھارت نے قبضہ کر رکھا ہے۔ مشرق میں سامنے نالے سے پار کا سارا علاقہ بھارتی مقبوضہ کشمیر ہے جہاں مغل چوہدری کشمیری قبائل کے لوگ آباد ہیں اور آر پار کے قریبی رشتہ دار ہیں مگر خونی لکیر نے انہیں تقسیم کر رکھا ہے۔ مشرق میں نالے سے پار گاؤں بھارتی قبضے میں ہیں سوائے ایک چھوٹے سے گاؤں آزاد ست پورہ کے جہاں 30 یا 40 گھر ہیں اور یہ آزاد کشمیر میں ہے قاضی ناگ نالہ سرحد ہے۔ تریڈھا شریف زیارت سے پیدل 20 منٹ میں ٹیٹوال پہنچ سکتے ہیں۔ لیپا سے 5 کلومیٹر دور ٹیٹوال مختصر ترین راستہ ہے مگر 1947ء میں بھارت نے اس علاقے پر قبضہ کر کے لیپا وادی کو کاٹ کر دور دراز جہاں سے براستہ ریشیاں سفر کرنے پر مجبور کر دیا۔ بدقسمتی کہ تریڈھا شریف کے شمال میں اور مغرب میں اگر بھارت قبضہ نہ کرتا تو ہم نیلم ٹیٹوال علاقے سے گاڑی پر دس منٹ میں لیپا کی حدود میں پہنچ سکتے تھے اور پیدل صرف 20 منٹ یا آدھے گھنٹے کا سفر تھا۔ 1947ء میں سیز فائر کے وقت جو جہاں پہنچ گیا وہ علاقہ اس کا ہو گیا۔ بھارت نے اس علاقے پر قبضہ کیا اور ہم سے سستی ہوئی جس کی سزا آج ہم 77 سال سے بھگت رہے ہیں۔ اب بھی جنگی حکمت عملی سے کوئی ایکشن کر کے ہم اگر اس علاقے کو آزاد کرا لیں تو لیپا تک رسائی آسان ہو جائے گی۔ اگر ہم نے اندرون خانہ بھارت سے مفاہمت کر لی ہے اور تقسیم کشمیر پر طے کر چکے ہیں کہ موجودہ بارڈر ہی اب مستقل سرحد ہوگی۔ یہ بہت بڑا المیہ اور مسئلہ کشمیر اور شہداء کشمیر کے خون سے غداری ہے۔ تاریخ ایسے کرداروں کو کبھی معاف نہیں کرے گی اور ایسے کردار نشان عبرت بھی ضرور بنیں گے۔ آزاد کشمیر کے کسی بھی علاقے میں ایل او سی خونی لکیر پر کھڑے ہو کر منقسم خاندانوں کے دکھ اور درد کو دیکھ کر ہم خون کے آنسو روتے ہیں۔ حالات کے جبر نے کشمیری مسلمانوں کو ایک دوسرے سے جدا کر دیا۔ تریڈھا شریف کی طرف آتے راستے میں ست پورہ، گپ گلی، اعلیاں، فوجی، لب گراں ہوتڑی بازار وغیرہ آتے ہیں جہاں سے آپ قاضی ناگ نالہ کراس کرتے ہیں۔ خوبصورت پل ہے جس کے ساتھ خوبصورت بازار ہے جہاں دکانوں پر مقامی پھل فروٹ اخروٹ دستیاب ہے اس بازار کے سامنے پار سر پر کوتل کی مشہور اور اہمیت کی حامل پہاڑی ہے جس پر 1971ء میں ایک بنگلہ دیشی آفیسر کی غداری سے بھارتی فوج نے قبضہ کر لیا۔ پورے لیپا سیکٹر میں یہ واحد خطرناک اور بہت بڑی اہمیت کی حامل پہاڑی چوٹی ہے جہاں سے بھارتی فوجی لیپا کے ہر حصے میں ہمیں ٹارگٹ کرتے ہیں اور ہماری بڑی آبادی، سڑکیں، ادارے اس کے منہ میں ہیں بلکہ ہتھیاروں سے بھارتی فوج جب چاہے اس طرف کی سڑکیں بند اور گاڑیوں کو نشانہ بنا سکتی ہے۔ یہ علاقہ یونین کونسل بنا مولہ کا ہے۔ سامنے پار پہاڑی کے پیچھے مقبوضہ کشمیر ٹنگڈار کا خوبصورت علاقہ ہے۔ تریڈھا شریف کے مغرب میں بڑے علاقے پر بھارت قابض ہے اور اس کے پیچھے ہمارا پنج کوٹ کا علاقہ ہے۔ اس علاقے پر بھارتی قبضہ کی وجہ سے نیلم جہلم ہائیڈرل پروجیکٹ بھی ایک لحاظ سے دفاعی اعتبار سے محفوظ نہیں ہے۔ پاکستان کے کونے کونے سے عقیدت مند تریڈھا شریف زیارت پر آتے ہیں۔ زیارت کے قریب لیپا کے مقامی طلباء مدثر حمزہ اور معیز احمد ملے جو بی ایس اور بی بی اے کے طالب علم ہیں انہوں نے بتایا کہ آرمی کی وجہ سے ہم محفوظ ہیں۔ آرمی کے لوگوں کا ہمارے ساتھ رویہ بہت اچھا ہے۔ قاضی ناگ نالے کے پار مقبوضہ کشمیر کے گاؤں جنجرا، گبرا، ست پورہ، ناث اور مروی ہیں یہاں ہمارے رشتہ دار ہیں مگر خونی لکیر کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کی خوشی اور غمی میں شریک نہیں ہو سکتے۔ پار علاقے میں ایک پہاڑی کا نام عزیز رینج ہے جس کو میجر عزیز شہید کی قیادت میں فتح کیا گیا اور ان ہی کے نام سے اس پہاڑی پوسٹ کا نام عزیز رینج ہے۔ لیپا ویلی کے سارے علاقے میں کوتل پہاڑی دفاعی اعتبار سے سب سے اہم ہے بھارتی پوسٹوں میں سب سے نزدیک ترین بھی پوسٹ ہے۔ خاص مقامات کی سیر کے بعد شام کے ہم واپس اپنے گیسٹ ہاؤس آئے۔ تھکاوٹ تھی کھانا کھایا نماز عشاء ادا کی اور جلد سو گئے۔ تیسرے دن 15 ستمبر 2024ء صبح سویرے ناشتہ کر کے وادی لیپا سے براستہ شیرو گلی داؤ کھن واپسی ہوئی۔ موسم خوشگوار تھا۔ واپسی ہم نے بٹیاں اور چکوٹھی کے درمیان خوبصورت آبشار دیکھی جہاں بڑی تعداد سیاح موجود تھے پھر چکوٹھی روانہ ہو گئے۔ میں نے اپنے کیپٹن بیٹے سے رابطہ کیا جو ماسٹر کیپ تعینات ہے اگر چکوٹھی کمان پل تک جانے اور بارڈر دیکھنے کی اجازت مل جائے تو دیکھ آئیں۔ اس نے چکوٹھی مجاہد بٹالین کے ایک آفیسر سے رابطہ کیا۔ ہم بٹالین ہیڈ کوارٹر پہنچے جہاں آفیسرز میس میں ہمیں ریفرشمنٹ دی گئی مگر معذرت کے ساتھ ہمیں بتایا گیا کہ چند دنوں سے سرحد پر کشیدگی ہے فائرنگ ہے اس لئے آگے نہیں جا سکتے۔ اس طرح چکوٹھی سے شام پانچ واپسی ہوئی اور رات 9 بجے بخیر و عافیت ہم آبائی علاقے پہنچ گئے۔ قارئین محترم وادی لیپا کی نمایاں خصوصیات میں جو میں نے دیکھا اس میں ایک بہت خوبصورت ویلی ہے پیالہ نما ہے جس کے چاروں طرف بلند پہاڑ ہیں۔ اس علاقے میں وسیع جنگلات اور جنگلی حیات ہے۔ زرخیز اور پیداواری زمینیں ہیں۔ یہاں کے لوگ حسب سابق اپنا کلچر برقرار رکھے ہوئے زمینداری کام بھرپور طریقے سے کرتے ہیں۔ یہاں اخروٹ اعلیٰ قسم کا اور بہت بڑی پیداوار ہے دیگر پھل بھی بہت ہیں۔ وادی میں اللہ کی نعمت پانی بے تحاشہ ہے جو زمینوں اور بجلی پیدا کرنے میں ضرورت سے بھی زیادہ موجود ہے۔ یہاں کا چاول اعلیٰ قسم کا اور وافر مقدار میں پایا جاتا ہے۔ بجلی مقامی ضرورت سے زیادہ پیدا ہوتی ہے اور سستی بھی ہے کوئی لوڈ شیڈنگ نہیں یہاں کا سفید شہد شفاء بخش ہے۔ یہاں کے لوگ بااخلاق ہیں۔ بہت لائق اور ذہین لوگ ہیں۔ انڈین پوسٹیں قریب ہونے کی وجہ سے مشکلات ہیں تاہم 2003ء سیز فائر کے بعد لوگ سکون اور آرام سے نظام زندگی چلا رہے ہیں۔ سردیوں کے چار ماہ لیپا کا سفر دشوار گزار خطرناک ہوتا ہے باقی علاقوں سے کٹ کر رہ جاتا ہے۔ سردیوں کے لئے راشن اور مال مویشیوں کے لئے گھاس کا ذخیرہ ایندھن کے لئے لکڑیاں جمع کی جاتی ہیں۔ موسم کی شدت اور انڈین پوسٹوں کے سر پر ہونے کی وجہ سے یہاں کی زندگی اس قدر آسان نہیں ہے۔ سب سے اہم پہلو وادی کی خوبصورتی اور سیاحت کے حوالے سے اہمیت ہے۔ ہر سال ہزاروں سیاح اس طرف آتے ہیں۔ رہائش کے لئے اچھے ریسٹ ہاؤس گیسٹ ہاؤس اور ہوٹل موجود ہیں تاہم لیپا شہر کے اندر کی سڑک قابل رحم ہے۔ اس طرف توجہ دی جائے۔ قارئین فرصت کے لمحات میں اگر آپ کو صحت اور جیب اجازت دے تو اپنے خطے کے سیاحتی مقامات ضرور دیکھیں۔ آپ کو سکون اور خوشی حاصل ہو گی۔ وادی لیپا کے لوگوں کا یہ مطالبہ کہ ریشیاں اور لیپا تک ٹنل تعمیر کیا جائے سو فیصد جائز اور درست مطالبہ ہے اس ٹنل کی تعمیر سے وادی لیپا تک رسائی آسان ہو جائے گی سال بھر بارہ ماہ روڈ کھلی رہے گی۔ موجودہ صورت حال میں سردیوں کے 4 ماہ زمینی رابطہ لیپا سے منقطع رہتا ہے۔ بے پناہ حادثات ہوتے ہیں۔ ٹنل کی تعمیر سے جہاں عوام کے مسائل میں کمی ہوگی وہاں سیاحتی اور دفاعی اعتبار سے بھی بہت فائدہ ہوگا۔ لیپا کے سیاسی رہنما محترم شوکت جاوید کی جدوجہد اور ٹنل کی تعمیر کی تحریک پر حکومت توجہ دے۔

تمام مضامین نیک نیتی سے شائع کیے جاتے ہیں، کالم نگاروں کی آراء سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں...... (ادارہ)

The Need for Immediate Reform in Public Attitudes toward Road Safety in Pakistan

Hamna Maqbool

Road safety in Pakistan is an ongoing concern that requires urgent reform, not just from authorities but from the public. The high rate of traffic accidents, largely due to reckless driving and the blatant disregard for traffic laws, reveals a troubling culture of carelessness. Many drivers ignore basic rules like wearing seatbelts or stopping at red lights, often leading to fatal accidents. Despite the presence of traffic police, enforcement remains weak, and public attitudes toward road safety are disturbingly casual. A major issue contributing to this crisis is the public's unwillingness to assist accident victims. Fear of legal consequences or simply apathy stops bystanders from offering help, worsening the victim's chances of survival. The lack of a robust legal framework protecting good Samaritans discourages intervention. Police behavior also plays a role. Often perceived as corrupt or inefficient, traffic police fail to inspire confidence in the public. More focus on strict enforcement and educating both drivers and pedestrians is essential. Reforming road safety requires collective effort. First, there should be harsher penalties for traffic violations, with no room for bribery or influence. Second, awareness campaigns need to be consistent, focusing on changing public attitudes through education. Finally, a "Good Samaritan Law" must be enacted to protect those who help accident victims. The government, along with civil society, must take immediate steps to foster a culture of road safety and responsibility. Stronger laws, better enforcement, and a shift in public mindset are the key to reducing fatalities.

وزیراعظم آزاد کشمیر کے دعوے اور عوام کی رائے (آخری قسط)

سہانے خواب

ڈاکٹر محمد نواز خان

مگر عوام وزیراعظم کے پروٹوکول ہوٹر بجاتے والی گاڑیوں کی کان والی دیکھ رہی ہے۔ یہ قول و فعل میں فرق نہیں ہے؟) آپ کہتے ہیں کہ میں خوشی غمی میں اپنی ذاتی گاڑی میں جاتا ہوں تو پھر اکیلے ہی جایا کریں۔ وہ کہتے ہیں کہ وزیراعظم کا بجٹ 51 فیصد کم کر دیا ہے۔ یہ کفایت شعاری سے بچنے والی رقم غریبوں کی فلاح و بہبود پر خرچ کرنے کا پروگرام ہے۔ چونکہ اسٹیٹ میں غریب کا بھی حق ہے اور ان میں خاص طور پر یتیم بچے بچیاں، بیوہ خواتین اور بوڑھے لوگ شامل ہیں۔ حکومت پاکستان کے ساتھ بات چیت کر کے دیرینہ مسائل حل کیے۔ کشمیر کونسل کا مسئلہ حل کیا۔ کروڑوں اور اربوں کی پراپرٹیز واپس ہوئیں۔ پی ڈی اے کے آٹھ ارب روپے واپس کر دیے۔ اب دس ارب روپے ایسا فنڈ مقرر کیا تا کہ سوسائٹی کے تمام حصوں کو ساتھ لے کر چلا جائے ان کی عزت نفس مجروح کئے بغیر ان کی خدمت کی جائے اور ان کو لائنوں میں نہ کھڑا کیا جائے اور ہر فرد کی ضرورت اس کے گھر کی دہلیز پر خاموشی سے حکومت کی طرف سے پہنچائی جائے۔

وہ کہتے ہیں کہ انہوں نے ہائیڈرو پروجیکٹ کو زندہ کیا۔ جاگراں پروجیکٹ کے ساتھ 49 پروجیکٹ دوبارہ شروع ہو چکے ہیں۔ آزاد کشمیر میں جاگراں ٹو پروجیکٹ جو معاہدہ ختم ہونے والا تھا اس کو دوبارہ شروع کیا جو 49 میگا واٹ بجلی پیدا کرے گا۔ اس کی تکمیل سے ہمارا پرافٹ آنا شروع ہو جائے گا۔ آزاد کشمیر میں ہر حلقے کو تقریباً 75 کروڑ روپے سڑکوں کی تعمیر کے لیے مہیا کئے ہیں۔ اصل ٹورازم پر فوکس کر رہے ہیں۔ جو ہماری انکم کا بڑا ذریعہ بن سکتا ہے۔ چونکہ ایرانی کہاوت ہے کہ جہاں سڑک پہنچتی ہے وہاں تعمیر و ترقی شروع ہو جاتی ہے۔ ٹرانسپرنسی نافذ کی جس کا آزاد کشمیر میں تصور نہ تھا۔ جس پر خصوصی توجہ دی جس کی وجہ سے 3 ارب روپے کی بچت ہوئی۔ ہیلتھ اور ایجوکیشن کا انفرا اسٹرکچر بہتر کرنے کے لیے 22 سے 24 کروڑ فی حلقہ مہیا کرنے کی کوشش کی جس کا فائدہ عوام دیکھ رہی ہے۔ لوکل گورنمنٹ میں سوشل ڈویلپمنٹ پروگرام کے حوالے سے جو سکیم بھی اب تقریباً 1/2 , 2 ارب روپے مہیا کئے جا رہے ہیں۔ اسی طرح بجلی کی ترسیل بہتر بنانے کے لیے ٹرانسفارمر پول بجلی کی تار دو ارب لاگت ہے جس پر تقریباً کام ہو چکا ہے۔ ہیلتھ سیکٹر میں میرے آنے سے پہلے حاضری کا تناسب تو 27 اور 28 فیصد تھا یا زیادہ سے زیادہ 30 فیصد تھا۔ بائیو میٹرک نظام کے نفاذ سے اب حاضری کا تناسب تقریباً 90 سے 99 فیصد ہے۔ ہسپتالوں اور تعلیمی اداروں میں اس چیز کو یقینی بنانے کی کوشش کی تا کہ تمام ملازمین حاضر ہوں۔ ڈاکٹر 8 بجے سے 2 بجے تک اپنی شفٹ کے مطابق کام کریں اور عوام کو سہولیات دیں۔ ایجوکیشن کے حوالے سے یہ بھی کوشش کی کہ 2 بجے کے بعد سرکاری سکولوں میں ٹیوٹرز کے زیر نگرانی بچے بچیوں کو اچھی ہائنڈنگ میں ٹریننگ دیں اور چھ ماہ کے بعد جو نوجوان بچہ بچی اپنا کاروبار کرنا چاہے اس کے کام کو نوعیت کے مطابق فنڈ مہیا کئے جائیں۔ اس کے لیے 75 کروڑ روپے رکھے ہیں۔ اس میں مزید ایک ارب روپے کا اضافہ کرنے کا پروگرام ہے تا کہ ٹیکنیکل تعلیم رکھنے والے بچے بچیاں اپنے لیے اور عوام کیلئے روزگار کے مواقع حاصل ہو سکیں۔ مریضوں کے لیے ادویات کے لیے 20 سے 40 کروڑ روپے کے درمیان مختص رکھا اور ایک کمیٹی بنائی اور اس کی سفارشات کے مطابق اس بجٹ میں اضافہ کر کے ایک ارب تک کیا جائے۔ اس لیے ضروری ہے کہ اپنی کارکردگی کو دین اور دنیا کو سامنے رکھ کر بہتر کیا جائے اور دنیا اور آخرت کی خواری سے بچا جائے۔

آزاد کشمیر کے عوام کو اب سمجھ آئی کہ 25-30 سال آلودگی کو صاف کرتا ہے تو پھر کسی کو بھی انگلی اٹھانے کی جرأت نہیں ہوگی۔ لیکن جب کوئی کسی کے منہ سے حرام کا پیسہ چھیننے کی کوشش کرتا ہے تو پھر لوگ آپ کی موت کی دعائیں کرتے ہیں۔ خاص کر وہ لوگ جو حرام میں لذت پڑ ہو چکے ہوں۔ جادو ٹونہ اور قتل تک کی سازشیں کرتے ہیں تا کہ آپ کو راستے سے ہٹایا جا سکے۔ بہر حال 20 اپریل سے لے کر آج تک 25 سے 26 مرتبہ عدم اعتماد کی کوششیں ہو چکی ہیں۔ میرا ایمان ہے کہ جب تک اللہ چاہے گا کوئی اقتدار سے ہٹا نہیں سکتا ہے اور اللہ ہٹانا چاہے تو کوئی اقتدار پر رکھ نہیں سکے گا۔ اگر دن میں 24 گھنٹے ہوتے ہیں تو آپ دو اور جمع کر لیں میرے خلاف 26 گھنٹے عدم اعتماد کی سازشیں ہوتی ہیں۔ میری کوشش ہوتی ہے کہ آج کے دن رات 12 بجے تک اپنا کام ختم کر لوں۔ الحمدللہ اسٹیبلشمنٹ اور فیڈرل گورنمنٹ کے تعاون سے کوئی میرا کام بگاڑ نہیں سکا۔ اب تک کام بالکل صحیح سمت میں جا رہا ہے۔ اربوں والی مافیا اللہ کے فضل کے سامنے ابھی تک بے بس ہے۔ جب تک اللہ کا فضل شامل حال رہے گا میرا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکے گا۔ میں نے اپنی طرف سے ان کے اسٹیک کو جڑ سے کاٹ دیا ہے اور عوام کے ٹیکسوں کا پیسہ عوام کی خدمت کی طرف جاتا نظر آ رہا ہے۔ ایسے سیٹ اپ کو بنانے کی کوشش کر رہا ہوں میری جگہ آنے والا کوئی بھی اس سیٹ اپ کو ڈسٹرب نہ کر سکے۔ ان اچھے رولز کو مثبت میڈیا ضرور پروموٹ کرے گا اور ڈسٹرب کرنے پر چیخ و پکار کرے گا۔

وزیراعظم کا کہنا ہے کہ وہ 24 میں سے 17 سے 18 گھنٹے کام کرنے والے آدم ہیں اور انہوں نے کہا کہ جس کا اثر ان کے جسم پر ہو رہا ہے اور خود احساس ہو رہا ہے کہ اس جنون کو جاری رکھے ہوئے کئی ماضی میں نہ دفن ہو جاؤں کوشش کر رہا ہوں کہ جب تک کر سکا کام کرتا رہوں گا اور جب تھک گیا تو خاموشی سے گھر چلا جاؤں گا۔ دنیا جو کرتی ہے کرتی رہے میں اپنا کام پورا کر کے جاؤں گا۔ میں نام کا آدم نہیں ہوں بلکہ کام کرتا ہوں اور کام کا آدمی ہوں۔ وہ کہتے ہیں کہ کچھ عرصہ پہلے ایک گیسٹ ہاؤس کا افتتاح تھا میں نے تختی پر اپنا نام نہیں لکھوایا۔ میں نے اس وقت صرف یہ کہا کہ یہ پیسہ میرے والد نے نہیں دیا یہ تو عوام کے ٹیکس کا پیسہ ہے۔ اس طرح کے کاموں کو اپنے نام سے ظاہر کرنے کو کسی سرکاری آدمی کیلئے جرم سمجھتا ہوں۔

چونکہ دنیا کے کسی معزز ملک میں یہ روایت نہیں ہے۔ میں بے باکی سے بات کرتا ہوں منافقت نہیں کرتا ہوں اور نہ آتی ہے۔ کسی نے فیس بک پر لکھا تھا کہ آپ نخرے والی گفتگو کرتے ہیں۔ میں عوام میں سے ہوں ظاہر ہے عوامی گفتگو ہی کروں گا۔ میں جو کچھ بھی اسٹیٹ کے لیے کر رہا ہوں یہ پیسہ عوام کے ٹیکسوں کا ہے لہٰذا یہ کریڈٹ بھی عوام کو ہی جانا چاہیے۔ یہ مجھے نخرے والا سمجھتے ہیں شاید ان کی سرچ ہی اتنی ہے۔ اگر میں نے اشرافیہ والی تختیاں لگانی شروع کر دیں تو اس کا مطلب یہ ہو گا کہ میں دنیا اور آخرت کی بربادی کی تختیاں لکھوا کر دیواروں پر لگا رہا ہوں۔ جن عوام کے ووٹوں سے ہم ایوان میں بیٹھے ہیں اگر ان کا حوالہ نہیں دیں گے۔ میں عوامی عوام ہوں اس لیے عوام کی بہتری کے لیے تبدیلی لانے کی کوشش کر رہا ہوں۔ اگر کوئی دو بجے کے بعد مجھ سے ملے تو وہ شاید مجھے پہچان بھی نہ پائے کہ میں وزیراعظم ہوں۔ میں عوام میں گل مل کر رہتا ہوں۔ عوام کو سنتا ہوں۔ نبی کریم ﷺ بھی اپنے رفقاء کے ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر شہروں اور بازاروں میں چلتے پھرتے تھے۔ اسی لیے قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ آپ کے لیے پیغام اور نصیحت کے لیے آپ ہی میں سے انسانوں کو اٹھایا۔ ہماری حکومت کا کام کوئی راکٹ سائنس نہیں ہے ہم نے اپنی آمدن بڑھانے کے لیے غیر ترقیاتی اخراجات کم کرنے ہیں۔ اپنے ٹیکسز کے نظم کو بڑھانا ہے۔ نوجوانوں کو ٹیکنیکل شعبہ جات کی طرف لے جانا ہے۔ حکومت کے پاس ملازمتیں نہیں ہیں۔ پرائیوٹ سیکٹر کو آگے لانا ہوگا۔ جب ایک ملازم مرتا ہے تو اس کا جنازہ ابھی سامنے ہی ہوتا ہے کہ خالی ہونے والی آسامی کی درخواستیں آنی شروع ہو جاتی ہیں۔ اس طرح ہر فرد کے لیے سرکاری نوکری نہیں ہو سکتی ہے۔

آنے والے پانچ سال آزاد کشمیر اور پاکستان کا بڑا مسئلہ انرجی پروڈکشن ہے لہٰذا آزاد کشمیر کے دریاؤں میں قدرتی طور پر وافر فال ہے اس لیے ہائیڈرل پروجیکٹ پر فوکس کرنا ضروری ہے اور اس طرح دوسرا پوٹینشل ٹورازم ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس خطہ کشمیر کو بہت خوبصورت بنایا اگر اس کو مناسب طریقہ سے ڈویلپمنٹ ہو جائے اور دنیا کے لیے کھول دیا جائے تو آزاد کشمیر کے عوام کی تقدیر بدل سکتی ہے۔ آزاد کشمیر بینک کو شیڈول بینک کا درجہ دے رہے ہیں وہ لوگ جو سطح غربت سے قریب ہیں یا اس سے نیچے چلے گئے ہیں ان کو اس بینک سے قرضے دلوا کر اچھی زندگی گزارنے کے قابل بنا رہے ہیں۔ اس بینک سے نوجوان بچے بچیوں کو قرض دے کر خوشحال بنائیں گے۔ میں اس کام کیلئے سختی سے پابند ہوں کہ اس طرح کے کاموں میں رکاوٹ ڈالنے والے افراد کے ساتھ آہنی اور قانونی ہاتھوں سے نمٹا جائے۔ آزاد کشمیر کے لوگوں کا رشتہ کسی خاص شخصیت سے نہیں بلکہ ریاست پاکستان اور حکومت پاکستان سے جو بھی پاکستان میں اقتدار میں ہو اس سے کوئی غرض نہیں البتہ ان کو آزاد کشمیر کی حساسیت اور عوام کی ضروریات کا خیال رکھنا چاہیے۔

پاکستان کی عبوری حکومت نے آزاد کشمیر کو جو سر زیادہ کسی بھی حکومت نے نہیں دیا۔ ان کے ساتھ ایسے مسائل پر گفتگو ہوئی جس پر پہلے کسی نے سوچا بھی نہ تھا۔ میں نے وہ بات ان سے منوائی جس پر پہلے نہ کسی نے سوچا تھا اور نہ بول سکا۔ میں جب 2016ء میں اسپیکر اسمبلی تھا اس وقت بھی آزاد کشمیر حکومت اور پاکستان کی حکومت کے درمیان کچھ تنازعات کی بات ہوئی اور میں نے ان کے حل کے لیے ہیڈ کر رہا تھا۔ جب کہ اس وقت مطالبہ کرنا اور مطالبے کے بعد میٹنگ کرنا جرم سمجھا جاتا تھا۔ الحمدللہ موجودہ چیف اور انوارالحق کاکڑ نے ایسا رویہ دکھایا اور انٹرشپ دی جو سب کے لیے ایک اعزاز ہے۔

ہم نے ایک لسٹ تیار کی اور آزاد کشمیر کے ہر میگا پروجیکٹ پر بات ہوئی اور کام ہونے پر فنانشل ایشو پر بات چیت ہوئی اور مسائل کو حل کرنے کی کوشش کی گئی۔ اسطرح موجودہ پاکستان سے توقع کرتا ہوں کہ وہ آزاد کشمیر کی حساسیت کو محسوس کرتے ہوئے ہر مسئلے کے معاملہ میں معاونت کرے۔ اگر کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ کہا گیا ہے تو پھر اس کی حفاظت بھی پاکستان کو کرنی چاہیے اور پاکستان کا فرض بنتا ہے اور مشترکہ سوچ جاری رکھنا ضروری ہے۔ وزیراعظم پاکستان نے یوم اظہار یکجہتی کے موقع پر آزاد کشمیر میں کہا کہ میں آپ کے مسائل اور معاملات کو حل کرنے کے لیے بار بار یہاں آتا رہوں گا تو پھر اس پر عملی مظاہرہ بھی ہونا چاہیے۔

کیئر ٹیکر گورنمنٹ نے روٹ آف دی وے اور روٹ آف دی باکس آزاد کشمیر کے معاملات کو ٹھیک کرنے کے لیے تعاون کیا تھا۔ آزاد کشمیر میں پورل سٹیم نظر نہیں آئے گا۔ آزاد کشمیر میں خواتین پارلیمنٹ میں نظر آئیں گی اور آزاد کشمیر میں خواتین زیادہ پڑھی لکھی ہیں۔ جب کوئی تعلیم کے زیور سے آراستہ ہو جاتا ہے تو پھر وہ تعصب اور نفرت والی سوچ سے بھی باہر آ جاتا ہے وہ آزادی کو قید بھی نہیں کر پاتا اس طرح۔۔۔۔۔۔ اور شعور سے پرواز میں آسانی پیدا ہو جاتی ہے اور اس کو کسی فیلڈ سے روکا نہیں جا سکتا۔ آزاد کشمیر کے تعلیمی اداروں اور یونیورسٹیز میں جو فی میل سٹوڈنٹس ہیں وہ میل کے مقابلے میں زیادہ کومپیٹ ہیں۔ اس طرح میڈیکل کالجز میں بچیاں زیادہ نمایاں حیثیت میں نظر آتی ہیں۔

اب ہمارا فوکس سمال انڈسٹریز کی طرف ہے اور ان کے پروڈکٹس کو مارکیٹ میں پہنچانے کی طرف توجہ دے رہے ہیں اور اس طرح مڈل مین کے کردار کو کم کرنے کے لیے حکومت سہولیات مہیا کرے گی اور سمال انڈسٹریز کے قیام کے لیے حکومت فنانس مہیا کرے گی تا کہ اسکیلڈ یعنی ہنر مند افراد صرف اپنے لیے نہیں بلکہ باقی روزگار نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کر سکیں۔ یہ سارے کام ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے ذمہ داران کے لیے شروع کیے ہیں۔ تا کہ وہ بھی اپنی ذمہ داری پوری کرتے ہوئے اپنا فرض پورا کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کر سکیں اور شعبہ میں کام کرنے والوں سے اپیل کرتا ہوں کہ ہر فرد اپنا کردار ادا کرے تا کہ یہ اسٹیٹ ایک مثالی اسٹیٹ بن سکے۔ ٹورازم کو بہتر کرنے اور شکایات کو دور کرنے کے لیے اور نیچرل بیوٹی کو دنیا کو دکھانے کے لیے اور اس جگہ تک پہنچنے کے لیے روڈ کے اسٹرکچر کو بہتر کرنا ضروری ہے جس کیلئے پلاننگ اور کوشش ہو رہی ہے کہ آئندہ مستقبل میں سیاح تبدیلی دیکھیں گے۔ الحمدللہ آزاد کشمیر میں لا اینڈ آرڈر پہلے ہی سے بہتر ہے۔ کمی بیشی کو مزید دور کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ٹورازم کے مقامات زیادہ تر برفانی علاقوں میں جہاں برف باری کی وجہ سے ڈویلپمنٹ کا وقت بھی کم ہوتا ہے یعنی زیادہ سے زیادہ چھ ماہ اور اس میں بھی کام کی رفتار بہت سست ہوتی ہے۔ یعنی اپریل کے آخر میں کام شروع ہوگا اور اکتوبر میں بند ہو جائے گا۔ اسطرح پونچھ اور وادی نیلم میں کام زیادہ سے زیادہ چھ ماہ تک ہوتے ہیں۔ کچھ بڑے انوسٹرز کے ساتھ مل کر کام شروع کرنا چاہیے یعنی جیسے ہاشوانی گروپ وغیرہ ہیں۔ انٹرنیشنل انوسٹرز کو پاور یعنی ہائیڈرل اور ٹورازم کے حوالے سے ہم نے ان کو ایسی پالیسی دی ہے کہ وزیراعظم اپنا پروٹوکول بھی ان کو دینے کے لیے تیار ہیں۔ مجھے بحیثیت وزیراعظم یہاں پروٹوکول ضرورت نہیں۔ یہاں کے عوام کی بہتری کی خاطر تمام پروٹوکول ان لوگوں کو دینے کیلئے تیار ہوں جو یہاں کے عوام کے لیے خوشحالی لائیں انوسٹرز کو ان کی انوسٹمنٹ کے مطابق آزاد کشمیر میں پروٹوکول دیا جائے اور ہر طرح کا تحفظ مہیا کیا جائے گا اور ون ونڈو آپریشنل ماحول مہیا کیا جا سکے گا۔

میں راقم بحیثیت رائیٹر عوام سے اپیل کرتا ہوں کہ وزیراعظم کے قول و فعل کے مطابق اگر کوئی تبدیلی محسوس کرتے ہیں تو پھر ان کی ضرور تعریف کریں اور کمی بیشی محسوس کرتے ہیں تو پھر مثبت نشاندہی یعنی توجہ مبذول کروائیں تا کہ ہر کام میں تبدیلی آ سکے۔

بقیہ 1

راستے میں ہی دم توڑ گیا۔ عوامی حلقوں نے بروقت طبی امداد نہ ملنے کے باعث بچے کے جاں بحق ہونے پر شدید غم و غصہ کا اظہار کرتے ہوئے حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 2

کے ساتھ کثیر الجہتی تعاون کو مزید فروغ دینے کے خواہاں ہیں، روس خطے کا ایک اہم ملک ہے۔ پاکستان روس کے ساتھ اپنے تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ روس کے سفیر نے رشین فیڈریشن کونسل کی چیئرپرسن ویلنٹینا میتویینکو کی جانب سے چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کے لیے مبارکباد کا خط بھی پیش کیا۔

بقیہ 3

بیان میں کہا کہ لبنان سے اسرائیل پر 300 راکٹ فائر کئے گئے۔ اسرائیلی افواج نے حزب اللہ کی صلاحیتوں کو بھی کافی حد تک نقصان پہنچایا ہے اور اب ان کا فوکس حزب اللہ کی ان سٹریٹیجک صلاحیتوں پر ہے جو اسرائیل کے لئے خطرہ بن سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حزب اللہ نے جنوبی لبنان کو جنگی علاقے میں تبدیل کر دیا ہے اور اپنے ہتھیار اور [illegible] شہری آبادی کے اندر چھپا رکھی ہیں۔ شہریوں کو ڈھال کے طور پر استعمال ترجمان نے مزید کہا کہ حزب اللہ نے جنوبی لبنان میں ہزاروں گھروں کو اپنی چھاؤنی بنا رکھا ہے جہاں شہریوں کو ڈھال کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے۔ اسرائیلی فوج حالیہ حملوں کے نتائج کا جائزہ لے رہی ہے تاکہ معلوم کیا جا سکے کہ حزب اللہ کے قائدین کو کتنا نقصان پہنچا۔ ترجمان نے واضح کیا کہ ان کا حتمی مقصد شمالی اسرائیل کے رہائشیوں کو ان کے گھروں میں بحفاظت واپس لانا ہے اور حزب اللہ کی سٹریٹیجک صلاحیتوں کو ختم کرنا ہے۔

بقیہ 4

موجودہ پزشکیان نے امریکی ٹی وی سے گفتگو میں خطے میں اسرائیلی جارحیت کے ممکنہ نتائج پر تبصرہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم لبنان کو اسرائیل کے ہاتھوں میں ایک اور غزہ بننے کی اجازت نہیں دے سکتے۔ ایران کے صدر نے یہ بھی کہا ہے کہ اگر اسرائیل کے حملے نہیں روکے گئے تو خطے میں ایک وسیع تر جنگ شروع ہو جائے گی۔

بقیہ 5

درجنوں طلبہ و طالبات کو پڑھانے کے لیے صرف ایک ٹیچر ہے دوسری اسامی ایک سال سے زائد عرصہ سے خالی، مقامی لوگوں نے ٹیچروں کی تعیناتی کے لیے حکومت کو تیس ستمبر کی ڈیڈ لائن دے دی مطالبات پورے نہ ہونے کی صورت میں لانگ مارچ کا اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیر تعلیم سکولز کے آبائی ضلع جہلم ویلی کے علاقہ کھلانہ ویلی کے گاؤں باڑی بالا کا گورنمنٹ بوائز مڈل سکول نام کی حد تک مڈل سکول، سہولیات اور سٹاف پرائمری سکول سے بھی کم، مڈل سکول میں ایک ٹیچر اور ایک نائب قاصد سکول میں طلبہ طالبات کی تعداد دو سو کے لگ بھگ، ایک ٹیچر سکول کے لیے ناکافی علاقہ مکین سراپا احتجاج بن گئے

بقیہ 6

سندھ میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس نے بتایا کہ دھماکہ خیز مواد موٹر سائیکل میں نصب کیا گیا تھا۔ دھماکے کی جگہ کے قریب ایک تباہ موٹر سائیکل ملی ہے۔

بقیہ 7

سپرد خاک کر دیا گیا، بتایا جاتا ہے کہ ورثاء نے موقف اختیار کیا کہ اشرف بی بی نے خود کو گولی مار کر خودکشی کر لی ہے، بعد ازاں پولیس نے موقعہ پر واقعہ مشکوک پایا تو نعش پوسٹمارٹم کے لیے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ہٹیاں بالا پہنچائی، جہاں پر خاتون کا پوسٹمارٹم کیا گیا جس کی رپورٹ بھی آنا باقی ہے معلوم ہوا کہ خاتون کی کمر میں گولی لگی جو سینہ سے باہر ہوئی جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ خاتون نے خودکشی نہیں کی بلکہ اسے کوئی مار کر قتل کیا گیا ہے، آخری اطلاعات کے موصول ہونے تک ورثاء کی جانب سے پولیس کو کسی بھی قسم کی درخواست موصول نہیں ہوئی البتہ پولیس نے واقعہ کی ابتدائی رپورٹ ڈال کر تفتیش شروع کر دی ہے، تفتیش مکمل ہونے کے بعد ہی مقدمہ کا اندراج ہوگا، عوامی، سیاسی و سماجی حلقوں نے واقعہ پر شدید غم و غصہ کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ واقعہ کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرتے ہوئے حقائق سامنے لا کر خاتون کے قتل میں ملوث تمام ملزمان کو گرفتار کر کے سخت سے سخت سزا دی جائے۔

بقیہ 8

طرف سے کل جماعتی حریت کانفرنس کو ایک علیحدگی پسند تنظیم کا نام دیئے جانے کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ حریت مسئلے کو حل کرنا چاہتی ہے اور اس کی تمام تر توجہ تنازعہ کشمیر کو اس کے تاریخی تناظر میں حل کرنے پر مرکوز ہے۔ انہوں نے کہا کہ دفعہ 370 کی منسوخی سے کشمیری عوام ڈیموگرافک انجینئرنگ، شناخت کھو جانے اور بے اختیار ہونے کے خطرات سے دوچار ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2019 کے ری آرگنائزیشن ایکٹ سے باہر کے لوگوں کو ڈومیسائل کے حقوق دے کر یہ خطرات مزید بڑھ گئے ہیں۔ میرواعظ نے کہا کہ دفعہ 370 ایک آئینی عہد نامہ ہے جو بھارتی ریاست نے مقبوضہ جموں و کشمیر کے لوگوں سے ان کی زمینوں، وسائل اور ملازمتوں کے تحفظ کے لیے کر رکھا ہے۔

بقیہ 9

8 فیصد یعنی 102 مربع کلومیٹر زرعی اراضی اور سڑکوں کے نیٹ ورک کا 58 فیصد حصہ تباہ ہو چکا ہے۔ قطری اخبار کی رپورٹ کے مطابق اقوام متحدہ کے سیٹلائٹ سینٹر (یونی سیٹ) اور جغرافیائی ڈیٹا ایپ اوپن سٹریٹ میپ کے ڈیٹا سے بھی پتہ چلتا ہے کہ غزہ کی 60 فیصد سے زیادہ مساجد کو نقصان پہنچایا یا تباہ کیا گیا ہے۔ اسرائیلی حملوں نے غزہ کے تقریباً 85 فیصد سکولوں کو نقصان پہنچا۔ 6 جولائی تک غزہ میں اقوام متحدہ کے ادارے [illegible] کے زیر اہتمام چلنے والے 477 سکولوں کو نقصان پہنچا، جو اس کی 564 سہولیات کی تعداد کا تقریباً 85 فیصد تھے۔ ان میں سے 133 کو شدید نقصان پہنچا ہے اور دیگر 344 براہ راست متاثر ہوئے ہیں

بقیہ 10

اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے سردار ممتاز خان (ر) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر پونچھ نے حلقہ نمبر پانچ میں اپنی مدد آپ کے تحت بیروہ داتوٹ بھولا نہ تاڑہ داتوٹ سڑکات کی تکمیل پر عوام علاقہ اور سماجی و سیاسی کارکنان کو دلی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ بلند ترین شعور کی علامت ہے کہ لوگ حکومتی ادوار معاونت کے بغیر اہم سڑکات کی تعمیر کرتے ہیں [illegible] برقرار رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ [illegible] حلقہ [illegible] سڑکوں پر توجہ دیں یہ حلقہ تاریخی حیثیت کا حامل ہے ان اہم سڑکوں پر حکومتی توجہ درکار ہے۔

بقیہ 11

میں [illegible] نے ملک میں ایمرجنسی کے نفاذ کا اعلان کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق اسرائیلی کابینہ نے ملک میں خصوصی حالات نافذ کرنے کی منظوری دے دی ہے اور یہ ایمرجنسی فوری طور پر نافذ العمل ہوگی جو 30 ستمبر تک جاری رہے گی۔ اسرائیل میں خصوصی حالات ایک قانونی لفظ ہے جسے ایمرجنسی کی حالت میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اس حالت میں حکومت کو خصوصی اختیارات مل جاتے ہیں، تاکہ لوگوں کی حفاظت کے لیے سخت قدم اٹھائے جا سکیں۔ پہلے یہ 48 گھنٹے کے لیے نافذ کیا جاتا ہے، پھر بعد میں اسے حالات کے مطابق بڑھایا جا سکتا ہے۔ تاہم مختلف میڈیا رپورٹس میں بتایا جا رہا ہے

بقیہ 12

جواب طلب کر لیا۔ بشریٰ بی بی کی درخواست پر مزید سماعت 27 ستمبر کو ہوگی۔

بقیہ 13

[illegible] متنازع قرار دے چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کا موقف رہا ہے کہ فارم 47 پر بننے والی حکومت غیر منتخب ہے، مذاکرات [illegible] ناجائز و غیر قانونی حکومت کو جائز قرار دینے کے مترادف ہے۔ [illegible] مشیر اطلاعات نے کہا کہ موجودہ پارلیمنٹ نامکمل اور غیر آئینی ہے، پارلیمنٹ کو قانون سازی کا حق بھی نہیں تو آئینی ترمیم کیسے کر سکتی ہے۔

بقیہ 14

جہلم، گوجرانوالہ، فیصل آباد، بہاولپور، میانوالی، منڈی بہاؤالدین، ساہیوال اور سرگودھا سے ڈینگی کا ایک، ایک کیس رپورٹ ہوا۔ ترجمان محکمہ صحت کے مطابق صوبے میں ڈینگی کے ایک ہفتے میں 459 کیسز جبکہ رواں سال اب تک 1245 ڈینگی کے کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ انسداد ڈینگی کے تمام انتظامات مکمل کر رکھے ہیں، تمام سرکاری ہسپتالوں میں ڈینگی سمیت دیگر ادویات کا سٹاک موجود ہے۔

بقیہ 15

دماغ پر قابو نہ رکھ سکی اور برین ہیمرج کے باعث اس دنیا سے رخصت کر کے چلی گئی۔ انہوں نے مرحومہ بانیلہ اندرابی کی جنت نشینی اور پسماندگان کیلئے خصوصی دعا کی نیز اس عزم و یقین کا اظہار کیا گیا کہ جدوجہد آزادی پوری قوت سے حصول منزل تک ہر محاذ پر جاری رہے گی، دریں اثناء فریدہ بہن جی کی ہدایت پر ماس موومنٹ کے چیف آرگنائزر عبدالرشید لون نے آسیہ اندرابی کی بہن مرحومہ بانیلہ کے گھر جا کر ان کے شوہر ڈاکٹر [illegible] احمد شاہ اور دیگر اہل خانہ سے اظہار تعزیت کیا، اس موقع پر حریت کانفرنس کے رہنما، حکیم عبدالرشید، میرواعظ شمالی کشمیر پیر حسن افضل فردوسی اور دیگر رہنما بھی موجود تھے۔

بقیہ 16

کی ضرورت ہے۔ شازیہ مری نے کہا کہ کسی جج کی تقرری کو منسوب ہماری کوئی سوچ نہیں، پیپلز پارٹی تمام سٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر چلنا چاہتی ہے۔ پیپلز پارٹی کی رہنما نے یہ بھی کہا کہ پروپیگنڈا کر کے یہ تاثر دیا جا رہا ہے کہ شخصیات کے لیے قانون سازی کی جا رہی ہے، آئینی عدالت بنانے کی بہت ضرورت ہے، ایک سیاسی جماعت جج صاحب کو متنازع بنا رہی ہے، آئینی عدالت پر تحریک انصاف کے پاس کوئی تجویز ہے تو دیں۔

بقیہ 17

والا ہندوستان جمہوریت کے نام پر سیاہ دھبہ ہے، کشمیری استصواب رائے چاہتے ہیں اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیری مسئلہ کشمیر کا حل چاہتے ہیں ہندوستان ہر گزرتے دن کیساتھ کشمیریوں کی شناخت مٹانے کی کوشش کر رہا ہے اور تحریک آزادی کشمیر کو دبانے کے لیے ہر حربہ اپنا رہا ہے مگر کشمیریوں نے لاکھوں جانوں کا نذرانہ دے کر تحریک آزادی کی شمع کو جلا رکھا ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ ہندوستان جو چاہے کر لے کشمیریوں کو ہندوستان کا حصہ نہیں بنا سکتا۔ انہوں نے اقوام متحدہ اور عالمی برادری سے مطالبہ کیا ہے کہ ہندوستان کو غیر قانونی اور غیر آئینی اقدامات سے روکا جائے کشمیریوں کو انکا بنیادی حق حق خودارادیت دلایا جائے اور عالمی دنیا مقبوضہ وادی میں ہونے والے ڈھونگ الیکشن کو مسترد کرے۔ اختتام پر مقبوضہ کشمیر اور فلسطین کی آزادی، شہدائے کشمیر کے درجات کی بلندی اور پاکستان کی سالمیت کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی اس سلسلہ میں۔

بقیہ 18

سیکرٹری یونین کونسل راولاکوٹ کے پاس جمع کروا دی گئی ہے اس موقع پر کبیر احمد درانی، عمران سعید کیانی، خالد محمود، ساجد حسین خان، نعمان عثمان، عثمان اشرف، شہباز بشیر، رابعہ حیات، مقصود احمد، سید قدیر شاہ نے عدم اعتماد کی تحریک کے کاغذات جمع کروائے۔

بقیہ 19

تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ اس سلسلے میں تحقیقات جاری ہے۔ یہ واقعہ گزشتہ چند گھنٹوں میں ضلع شوپیاں میں باغبانوں کی جانب سے سیبوں کی چوری کی شکایات کے دوران سامنے آیا ہے۔

بقیہ 20

کے بجائے کوالٹی کی بات کی جا رہی ہے، صرف آبادی ہی نہیں بہتر صلاحیتوں کی بھی ضرورت ہے، پاکستان میں آبادی بڑھنے کی شرح کم ہو رہی تھی لیکن پھر سے اضافہ دیکھنے کو ملا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2017 سے یہ شرح 2.4 فیصد تھی اور اب 2.5 فیصد سے زیادہ ہے، یہ قومی ترقی اور قومی مفاد کیلئے ایک چیلنج ہے، ہمیں پانی کی کمی کا بھی سامنا ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ آبادی کی وسائل سے مطابقت بہت ضروری ہے، ہمیں صحت مند، ہنر مند اور تعلیم یافتہ قوم پیدا کرنی ہے، قومی صحت ایمرجنسی کی ضرورت ہے، وفاق اور صوبوں کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ڈھائی کروڑ بچے سکولوں سے باہر ہیں، خواندگی کی شرح 60 فیصد ہے، تعلیم کے شعبے میں بڑے کام کرنے کی ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر نے یہ بھی کہا کہ تعلیم میں اصلاحات کی ضرورت ہے، دنیا میں ماں کی تعلیم اور بچوں کی پیدائش میں تناسب ہوتا ہے، [illegible] شعبوں کو بہتر بنانا ہوگا۔

بقیہ 21

بات کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت مشرق وسطیٰ میں کسی بھی حل کے امکان کے بارے میں بات کرنا مشکل ہے اور حل بھی صرف ایک ملک کے اختیار میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن کا راستہ صرف ایک ملک کے اختیار میں ہے اور اب تک اس راستے پر کوئی بھی ایسی کامیابی حاصل نہیں ہوئی جس کا ذکر کیا جا سکے۔ فی الحال تو ہم کسی امکان کا بھی تعین نہیں کر سکتے اور یہ صورتحال مزید خطرناک ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تنازعہ کے پھیلنے سے خطے میں مکمل عدم استحکام پیدا ہو جائے گا۔

بقیہ 22

جمع کروانے کے لئے ایک ہفتے کا وقت دے دیا۔ چیف الیکشن کمشنر کی سربراہی میں 4 رکنی بینچ نے انتخابی ٹربیونل کی تبدیلی سے متعلق کیس کی الیکشن کمیشن میں سماعت کی جس دوران درخواست گزاروں کے وکلا الیکشن کمیشن میں پیش ہوئے۔ سماعت کے دوران پی ٹی آئی کے وکلا اور مسلم لیگ ن کے رکن انجم عقیل کے وکیل نے جواب جمع کرانے کے لئے وقت مانگ لیا۔ چیف الیکشن کمشنر نے پی ٹی آئی کے وکلا کی جانب سے 2 ہفتے کا وقت دینے کی استدعا مسترد کرتے ہوئے جواب جمع کروانے کے لئے ایک ہفتے کا وقت دے دیا۔

بقیہ 23

ڈاکٹر ذکریا ذاکر نے کہا کہ میڈیکل کے شعبہ میں ادویات کے استعمال کا تناسب اور غلط ادویات کا استعمال بڑا چیلنج ہے۔ اس میں ایک پیشہ ور فارماسسٹ کا کردار انتہائی اہم ہے۔ مریض کی بہتر رہنمائی ایک فارماسسٹ کی ذمہ داری ہے اور پیشے کے اعتبار سے آپ کا کردار ایک ڈاکٹر سے بھی زیادہ اہم ہے بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ فارماسسٹ پر دوہری ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ مریض کی درست رہنمائی نہ ہونے، غلط ادویات اور غلط خوراک کے استعمال سے حادثات رونما ہو رہے ہیں۔ ڈاکٹر شاہد اقبال اعوان نے کہا کہ طلبہ تھیوری کیساتھ پریکٹیکل پر زور دیں۔ ڈاکٹر عابد حسین نے حکومت آزاد کشمیر سے اپیل کی کہ وہ تمام ہسپتالوں میں ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے معیار کے مطابق فارماسسٹ کے کردار کو یقینی بنائے۔ ڈاکٹر محمد نواز خان نے کہا کہ فارماسسٹ طلبہ کمیونٹی میں اپنا کردار ادا کریں۔ جو غیر پیشہ ور افراد ادویات کے کاروبار سے منسلک ہیں عوام کو ان سے نجات دلائیں۔ یہ آپ کی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ انہوں نے کمیونٹی فارمیسی پر اظہار خیال کیا۔ [illegible] ڈاکٹر عبدالرؤف خان، ڈاکٹر ناصر رحیم، ڈاکٹر امتیاز حسین سمیت مختلف فیکلٹیز کے ڈینز ممبران اور طلبہ و طالبات بڑی تعداد میں موجود تھے۔

بقیہ 24

کاروں کو دعوت دینے کے بعد سامنے آیا ہے، جس کا مقصد انتخابی ڈرامے کے ذریعے اپنے ناجائز قبضے کو جائز قرار دلوانا ہے۔ ڈی ایف پی کے ترجمان ایڈووکیٹ ارشد اقبال نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا کہ بھارتی حکومت کا یہ اقدام عالمی برادری کو گمراہ کرنے کی کوشش ہے۔ انہوں نے قابض حکومت پر زور دیا کہ وہ [illegible] کے بجائے آزاد مبصرین کو صورتحال کا جائزہ لینے کی اجازت دے۔ ترجمان نے کہا کہ انتخابات کا مقصد کشمیریوں کی توجہ تحریک آزادی سے ہٹانا ہے اور بھارت کی تاریخ ہے کہ وہ اصل مسئلے سے توجہ ہٹانے کے لیے اس طرح کے ہتھکنڈے استعمال کرتا رہا ہے۔

بقیہ 25

ہے کہ حلقہ نمبر سات کے سیاسی وارث ابھی زندہ ہیں حلقے سے باہر کے سیاسی امیدواران حلقہ سات سے الیکشن لڑنے کے خواب دیکھنا چھوڑ دیں عوام اس مرتبہ بھی اس امیدوار کا انتخاب کریں گے جس کا جینا مرنا حلقہ کے عوام کے ساتھ اور رہائش بھی حلقہ سات میں ہو گی دوسرے حلقوں سے کوٹ حلقہ نمبر سات میں آنے کی تیاری کرنے والے اپنے اپنے آبائی حلقوں میں زور آزمائی کریں۔ صحافیوں سے گفتگو کے دوران عقیل احمد کیانی ایڈووکیٹ نے کہا کہ حلقہ نمبر سات سے منتخب ممبر اسمبلی وزیر حکومت دیوان چغتائی نے اپنے حلقے میں جتنے ترقیاتی کام 3 سال میں کیے ہیں دیگر نمائندے 30 سال میں نہیں کر سکے تحریک آزادی کشمیر کے نام پر نسل در نسل موروثی سیاست کا چورن بیچنے کا وقت گزر چکا ہے آنے والے الیکشن میں بھی حلقہ کے عوام کارکردگی کی بنیاد پر اپنا نمائندہ منتخب کریں گے۔

بقیہ 26

کی 28 ستمبر کو پاکستان سے آنے والے [illegible] کا کوہالہ کے مقام پر استقبال کیا جائے گا جہاں سے انہیں ایک بڑی ریلی کی صورت میں پلندری میں لایا جائے گا جہاں ان کے اعزاز میں استقبالیہ دیا جائے گا جس میں سابق وزیراعظم سردار عتیق احمد خان شرکت کریں گے، جہاں سے روانگی کے بعد دن ایک بجے دھیرکوٹ کے

مقامی ہوٹل میں بائیکرز کے اعزاز میں ظہرانہ دیا جائے گا جس میں سابق مشیر برائے وزیراعظم پاکستان راجہ افتخار ایوب مہمانوں کا استقبال کریں گے بعد ازاں بائیکرز ریلی براستہ ہجس چوکی شام چار بجے رنگلہ پہنچے گی، 29 ستمبر کو باغ سے بڑی جیپ ریلی براستہ تھب، ہوٹ، ہجیں، بگلہ، سے ناگا پیر پہنچے گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے الپائن ایسوسی ایشن آزاد کشمیر کے صدر راجہ نثار احمد شائق، الپائن کلب شرقی باغ کے صدر میجر بدر منیر، اور قاری الطاف نے پریس کلب باغ میں ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ الپائن سپورٹس کلب شرقی باغ اور ہٹیاں بالا کے عہدیداران فیسٹیول کے میزبان ہوں گے، سطح سمندر سے 9 ہزار فٹ بلند خوبصورت سیاحتی مقام ناگا پیر کو سیاحتی اور تاریخی اعتبار سے خصوصی اہمیت حاصل ہے 1947 کی تحریک آزادی کشمیر میں ناگا پیر کے معرکہ میں سینکڑوں شہدائے وطن کی حرمت پر اپنی جانیں قربان کیں ناگا پیر فیسٹیول کے انعقاد کا مقصد ان شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنا اور آزاد کشمیر میں ایکو ٹورازم اور ایگری ٹورازم کو فروغ دینا ہے۔ نثار احمد شائق اور میجر بدر منیر نے ضلع باغ کے عوام سے بالخصوص اور آزاد کشمیر کے عوام سے بالعموم اپیل کی ہے کہ وہ اس فیسٹیول میں بھرپور شرکت کریں، فیسٹیول کے مختلف ایونٹ میں خواتین بھی حصہ لیں گی۔

بقیہ 27

کوئی بیان دیتے ہیں تو بھارتی حکومت کہتی ہے کہ یہ ان کا اندرونی معاملہ ہے لیکن اب وہ چاہتی ہے کہ غیر ملکی مبصرین آئیں اور ہمارے انتخابات کی نگرانی کریں۔ عمر عبداللہ نے کہا کہ اسمبلی انتخابات، جموں و کشمیر کے لوگوں کا اندرونی معاملہ ہے اور انہیں غیر ملکی مبصرین سے تصدیق کی ضرورت نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ مودی حکومت لوگوں کی تذلیل کرتی ہے۔ انہیں ہراساں کرتی ہے اور انہیں گرفتار کرنے اور دبانے کے لیے طاقت کا استعمال کرتی ہے۔

بقیہ 28

سے برطانوی شہریوں کو نکالنے کے لئے 700 فوجی قبرص میں تعینات کرنے کا اعلان کر دیا ہے، برطانوی ڈیفنس سیکرٹری جان ہیلی کی زیر صدارت کوبرا میٹنگ میں یہ فیصلے کئے گئے۔ دو بحری جہاز پہلے ہی خطے میں موجود ہیں جو انخلا میں مدد کریں گے۔ رائل ایئر فورس کے طیارے اور ہیلی کاپٹرز کو بھی تیار رہنے کا حکم دے دیا گیا۔

بقیہ 29

دو میں مختلف تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم طلبہ و طالبات میں سکالرشپ کی تقسیم کی تقریب سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں سینئر صحافی محمود راٹھور، شفاعت کاظمی، محمد بشیر و دیگر نے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ آج کے اس مہنگائی کے دور میں طلبہ و طالبات کو تعلیم جاری رکھنے کے لیے سکالرشپس کا اجرا صدقہ جاریہ ہے جس کا ثمر دنیا اور آخرت دونوں میں ملتا ہے۔

بقیہ 30

اپنے کمانڈر کی شہادت سے آگاہ کر دیا، اسرائیلی فوج کا دعویٰ جھوٹا نکلا۔ بیروت پر حملے میں حزب اللہ کے اہم کمانڈر ابراہیم قبیسی شہید ہو گئے۔ لبنان میں تعلیمی ادارے ایک ہفتے کے لیے بند کر دیے گئے۔ امریکا کے بعد برطانیہ نے بھی اپنے شہریوں کو فوری لبنان چھوڑنے کی ہدایت کر دی۔ لبنان سے برطانوی شہریوں کو نکالنے کیلئے 700 فوجی قبرص میں تعینات کرنے کا اعلان کیا گیا ہے، لبنان اسرائیل جنگ پر سلامتی کونسل کا اجلاس آج ہوگا۔

بقیہ 31

نائیک نے نیب ترمیمی قانون عدالت کے سامنے پڑھ کر کہا کہ ترمیم کے بعد یہ کیس اس عدالت کا دائرہ اختیار نہیں بنتا، یہ کیس 80.5 ملین کا ہے جو 500 ملین سے کم بنتے ہیں، اس کیس کو واپس چیئرمین نیب کو بھیج دیا جائے۔ نیب پراسیکیوٹر نے بتایا کہ جب ایک کیس عدالت کا دائرہ اختیار نہیں تو میرٹ ڈسکس نہیں ہوں گے، آصف علی زرداری نے چیک دیا جو باؤنس ہو گیا تھا، آصف علی زرداری کا کیس ایف آئی اے کو بھیج دیا جائے گا، نواز شریف کا کیس الگ ہوگا اور آصف زرداری کا کیس الگ چلے گا، یہ کیس یہیں رکا رہے گا جب تک آصف علی زرداری صدر ہیں، عدالت نواز شریف کی حد تک ریفرنس واپس بھیجے اور آصف علی زرداری کی حد تک [illegible] رکھے۔

بقیہ 32

نے اپنے خطاب میں کہا کہ اس وقت خصوصاً تمام ممالک میں رسول اکرم ؐ کی حیات طیبہ اور ان کے قول و فعل پر عمل کرنے سے ہی دنیا اور آخرت میں کامیابی واحد راستہ ہے۔ ہمیں رسول اکرم ؐ کی سیرت کو اپنا کر ہی انفرادی اور اجتماعی کامیابیاں حاصل ہو سکتی ہیں۔ مقررین نے کہا کہ مادہ پرستی کے اس دور میں ہمیں اپنی اپنی زندگیوں کو اسلام کے سانچے میں ڈھالنا ہوگا۔ انہوں نے بعض تاریخی حوالے دیتے ہوئے کہا کہ انگریز مورخین اور ہندوؤں کے [illegible] لوگوں نے بھی تسلیم کیا ہے کہ حضور اکرم ؐ نے اپنی 63 سالہ مبارک زندگی میں جو انقلاب برپا کیا اس کی کوئی مثال نہیں مل سکتی ہے۔ مقررین نے کہا کہ حضور اکرم ؐ کی زندگی ہمارے لیے نمونہ ہے وہ قرآن پاک کا عملی نمونہ تھے۔ انہیں غیر مذہب اور قریش کہ جو ان کے دشمن تھے انہیں صادق اور امین کہتے تھے۔ انہوں نے مدینہ میں جس مملکت کی بنیاد رکھی وہ رہتی دنیا تک ہمارے لیے رول ماڈل ہے اللہ تعالیٰ نے انہیں پوری انسانیت کیلئے رحمت بنا کر بھیجا ہے مقررین نے کہا کہ حضور اکرم ؐ کے بعد کوئی نبی آیا اور نہ آئے گا توحید اور ختم نبوت پر یقین ہمارے ایمان کا حصہ ہے جو بھی کوئی ختم نبوت پر ایمان نہیں رکھتا وہ مسلمان نہیں ہے۔ جھوٹے نبی ہونے کا دعویٰ کرنے والے قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دیا گیا تھا اور مرزا غلام احمد قادیانی کا جھوٹا دعویٰ اپنی موت آپ مر گیا۔ ہدایات رسول اکرم ؐ کے ذریعے مکمل بھیج دیں یہ دین آخری ہدایت اور حضور اکرم ؐ ہمارے آخری پیغمبر ہیں۔ کانفرنس کے آخر میں 10 جولائی کو ضلعی سطح پر مقابلہ جات حسن حفاظ، قرآت و نعت، تقریر، اذان میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات میں 5000/- نقد انعامات تقسیم کیے گئے اور شیلڈز بھی دی گئیں۔ کانفرنس کے آخر میں کمشنر پونچھ ڈویژن سردار وحید خان نے کانفرنس میں دور سے شرکت کیلئے آنے والے مہمانوں کا حکومت کی جانب سے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ بھی رحمت اللعالمین و ختم نبوت کانفرنس کا انعقاد صابر شہید سٹیڈیم راولاکوٹ میں ہوگا چونکہ ربیع الاول کا مہینہ ہے اور حضور اکرم ؐ کا یوم پیدائش ہے۔

بقیہ 33

بھی شامل ہیں۔ تازہ ترین انتخابی شیڈول کے مطابق اس مرحلے میں [illegible] لاکھ [illegible] ہزار [illegible] استعمال کرنے کے اہل ہیں جن میں [illegible] ہزار سے زائد مرد اور [illegible] ہزار سے زائد خواتین ووٹرز شامل ہیں۔ اس مرحلے میں مجموعی طور پر [illegible] امیدوار [illegible] نشستوں کے لیے انتخابی میدان میں ہیں۔ ڈھونگ انتخابات کے دوسرے مرحلے کی پولنگ کے پیش نظر [illegible] بھارتی [illegible] مقبوضہ جموں و کشمیر [illegible]

بقیہ 34

[illegible]

کرتے ہوئے ڈاکٹر راجہ محمد سجاد خان نے کہا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر کو کھلا فوجی چھاؤنی بنا دیا گیا ہے، تمام آزادی پسند قیادت کو گرفتار کر کے الیکشن کا ڈرامہ رچایا جا رہا ہے۔ ہندوستان صرف دنیا کو دکھانے کے لئے ڈرامہ کر رہا ہے۔ کشمیریوں کا مطالبہ انتخابات نہیں بلکہ استصواب رائے ہے جس سے وہ اپنے مستقبل کا فیصلہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کر سکیں گے۔

بقیہ 35

سے شروع ہوئی اور غازی ملت پریس کلب راولاکوٹ میں ایک بڑے عوامی اجتماع کی شکل اختیار کر گئی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے [illegible] کمشنر پونچھ ممتاز کاظمی نے کہا کہ 1947 میں چلنے والی تحریک آزادی کشمیر کا تسلسل برقرار ہے لیکن بھارت نے اقوام متحدہ میں کشمیریوں کو ان کا پیدائشی حق حق خودارادیت دینے اور رائے شماری کا وعدہ کیا بعد میں بھارت اپنے وعدے سے انکار کرتے ہوئے 370 اور اے منسوخ کر کے کشمیری کو حق خودارادیت دلوانے کی بجائے طاقت کا وحشیانہ استعمال کرتے ہوئے ان پر ظلم و جبر شروع کر دیے جو عالمی قوانین کی خلاف ورزی ہے کشمیر ایک گھر کی مانند ہیں اور ایک گھر کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا درمیان میں لائن آف کنٹرول قائم کر کے کشمیریوں کو ان کے حق آزادی سے محروم نہیں کیا جا سکتا آج ہم بھارت کی جانب سے مقبوضہ کشمیر میں نام نہاد الیکشن کروانے کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں ہم آج کے دن بھارت کی جانب سے مقبوضہ کشمیر میں الیکشن کا ڈھونگ رچائے جانے پر اس اقدام کی بھرپور مذمت کرتے ہیں اور اقوام متحدہ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ کشمیریوں کو ان کا حق خودارادیت دلوائے اس عوامی ریلی سے محمد ایوب خان و دیگر مقررین نے خطاب کیا جبکہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عثمان خان اور سٹیج سیکرٹری کے فرائض آفتاب احمد آفیسر مال راولاکوٹ نے سر انجام دیے۔ پی آئی ڈی کے مطابق سدھنوتی بھر میں یوم سیاہ اور احتجاجی ریلیاں نکالی گئیں۔ ضلعی ہیڈکوارٹر پلندری میں ایک زبردست احتجاجی ریلی کوٹلی چوک سے شروع ہو کر پی ڈبلیو ڈی ریسٹ ہاؤس چوک میں ایک جلسہ عام کی شکل اختیار کر گئی۔ شرکاء ریلی نے مقبوضہ کشمیر میں ہندوستانی غیر قانونی اقدامات کے خلاف زبردست نعرہ بازی کی۔ شرکاء ریلی نے سیاہ جھنڈے اور سیاہ پٹیاں باندھ رکھی تھیں۔ ریلی میں ضلعی انتظامیہ، بلدیاتی نمائندوں، ضلعی افسران و اہلکاران، ملازم تنظیموں، عصری و دینی تعلیمی اداروں کے اساتذہ کرام و طلباء سمیت سول سوسائٹی، سیاسی و سماجی شخصیات، تاجران، پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن، صحافیوں و دیگر نے شرکت کی۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ آزاد کشمیر کے عوام غیر قانونی مقبوضہ جموں و کشمیر میں کسی نام نہاد انتخابی ڈرامے کو تسلیم نہیں کرتے۔ مسئلہ کشمیر کا واحد حل اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عملدرآمد میں ہی مضمر ہے۔ جنوبی ایشیا کو خوفناک تباہی سے بچانے کے لیے مسئلہ کشمیر فوری طور پر حل کیا جائے۔ مقررین نے مزید کہا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں تین مرحلوں میں ہونے والے انتخابی ڈھونگ کو مسترد کرتے ہیں۔ عالمی امن کے ٹھیکیدار ممالک مودی حکومت کو کشمیریوں کی نسل کشی، آبادی کے تناسب میں ردوبدل اور انتخابات کے نام پر ہونے والے ڈرامے کو رکوانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ ریاستی عوام کشمیر کی خصوصی حیثیت کے خاتمہ کو مسترد کرتے ہیں۔ ریاستی عوام، ریاست جموں و کشمیر کی اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق رائے شماری کے لیے وہ گزشتہ 77 سالوں سے 6 لاکھ جانوں کا نذرانہ پیش کر چکے ہیں۔ ہندوستانی حکومت مقبوضہ جموں و کشمیر میں دس لاکھ سے زائد فوج کی موجودگی میں مزید 300 نیم فوجی کمپنیاں تعینات کر کے نام نہاد اپنی حکومت قائم کرنا چاہتی ہے نیوز ایجنسی کے مطابق مظفرآباد میں بھی بھارتی جبر و استبداد کے سائے میں مقبوضہ کشمیر میں دوسرے مرحلے کے جبری انتخابات کے خلاف پاسبان حریت جموں کشمیر کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ انتخابات نہیں استصواب چاہیے، کشمیری مظاہرین کا اقوام متحدہ کے مبصر دفتر تک مارچ، بھارت کیخلاف شدید نعرے بازی کرتے ہوئے سلامتی کونسل سے آزادانہ طور استصواب رائے کے قیام کا مطالبہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق بھارت کے زیر قبضہ ریاست جموں کشمیر میں خوف و دہشت کے سائے میں منعقد کیے جا رہے ڈھونگ انتخابات کے خلاف پاسبان حریت جموں کشمیر کے زیر اہتمام دارالحکومت میں شدید احتجاج کیا گیا۔ کشمیری مظاہرین نے سیاہ جھنڈے لہرا کر جعلی الیکشن کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے [illegible] چوک سے اقوام متحدہ کے مبصر دفتر تک مارچ کیا۔ کشمیری مظاہرین نے بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر "انتخابات نہیں استصواب چاہیے" کے نعرے درج تھے۔ کشمیری مظاہرین بھارتی فوجی قبضے کے خلاف شدید نعرے بازی کر رہے تھے۔ کشمیری مظاہرین "انتخابات نہیں استصواب چاہیے" "بھارت سے لیں گے آزادی" "ہے حق ہمارا آزادی" جیسے فلک شگاف نعرے لگا رہے تھے۔ ڈھونگ انتخابات کیخلاف احتجاجی مظاہرے کی قیادت چیئرمین پاسبان حریت عزیر احمد غزالی، وائس چیئرمین عثمان علی ہاشم، پیپلز پارٹی کے راہنما شوکت جاوید میر، حریت راہنما مشتاق الاسلام، مہاجرین جموں کشمیر 1989 کے راہنما راجہ محمد عارف خان، غلام محسن بٹ، بلال احمد فاروقی، مجاہد اقبال میر، راجہ مجید خان، سرانداز میر، شاکر الاسلام، محمد اسماعیل بھوال، حاجی رکیل بٹ، عبدالرشید شیخ، ادریس احمد شیخ، شاہین عباسی، الف دین ڈار، سید محمود شاہ، اسلم انقلابی، فیصل فاروق شیخ، محمد فیاض خان ساجی، راجہ جاوید احمد مغل اور دیگر کر رہے تھے۔ کشمیر میں جبری الیکشن کیخلاف منعقدہ مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ بھارتی سرکار کی سازشوں اور بندوق کی نوک پر منعقد ہونے والے انتخابات ایک دھوکے کے سوا کچھ نہیں۔ بھارت ان ڈھونگ انتخابات کو حق خودارادیت کے متبادل کے طور پر پیش کرنے کی سازش کر رہا ہے مقررین نے کہا کہ دس لاکھ فوجیوں کو نہتے شہریوں پر مسلط کر کے، کالے قوانین PSA،UAPA،TADA،POTA،AFSPA کے بدترین استعمال سے کشمیری عوام کے آزادی اظہار رائے کو چھین چکا ہے۔ بھارت دنیا کو گمراہ کرنے کیلئے عالمی مبصرین کو کشمیر کا دورہ کروا کر سب کچھ ٹھیک ہونے کا تاثر دینے کی ناکام کوشش کر رہا ہے۔ مقررین نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں کسی بھی طرح کے الیکشن کشمیر کی آزادی اور حق خودارادیت کا نعم البدل نہیں ہو سکتے۔ نریندرا مودی مقبوضہ کشمیر میں عوامی نمائندوں، سیاسی مخالفین کو جیلوں میں بند کر کے ڈھونگ الیکشن مسلط کر رہا ہے۔ مقررین نے کہا کہ بھارت مقبوضہ ریاست جموں کشمیر میں کالے قوانین کے ظالمانہ استعمال کی آڑ میں جبری الیکشن منعقد کر کے مرضی کے نتائج چاہتا ہے۔ حکومت ہندوستان جموں کشمیر میں غلط انداز میں نئی حلقہ بندیاں کر کے پہلے ہی دھاندلی کر چکی ہے۔

بقیہ 36

آغاز ہوگا۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے ان خیالات کا اظہار چین کے شہر [illegible] میں ہونے والے عالمی پائیدار ٹرانسپورٹ فورم 2024 سے ویڈیو خطاب میں کیا۔ صدر مملکت نے اپنے خطاب میں اقوام متحدہ کے پائیدار ترقی کے اہداف کے فروغ میں چین کے قائدانہ کردار کو سراہا۔ [illegible] پاکستان پائیدار ترقی کو فروغ دینے اور علاقائی اور عالمی اقتصادی خوشحالی میں چین [illegible] قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ [illegible] انہوں نے کہا کہ پاکستان کے دیہی علاقوں کی سڑکوں تک رسائی 92 فیصد تک [illegible] دیہی علاقوں کی رسائی میں اضافہ پائیدار ترقی کے فروغ اور دیہی آبادی کو بنیادی خدمات کی فراہمی بہتر بنانے میں مددگار ہوگا۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان کو بنیادی ڈھانچے کی پائیدار دیکھ بھال اور موسمیاتی تبدیلی جیسے چیلنجز کا سامنا ہے۔ گزشتہ 5 سال میں [illegible] سیلابوں، شدید بارشوں سمیت موسمی حالات نے پاکستان کے ٹرانسپورٹ انفراسٹرکچر کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا [illegible] ٹرانسپورٹ [illegible] تعاون کا خواہاں ہے۔

بقیہ 37

[illegible]

کے کہا کہ حکومت پاکستان اور مسلم لیگ (ن) اس سلسلے میں اپنا فعال کردار ادا کرتے رہیں گے۔ ہم مقبوضہ کشمیر کی آزادی تک خاموش نہیں بیٹھیں گے آزاد جموں و کشمیر کی ترقی میں پہلے بھی مسلم لیگ ن کے قائد میاں محمد نواز شریف نے بہت بڑا کردار ادا کیا ہے اور ان کی زیر ہدایت وزیراعظم محمد شہباز شریف آزاد کشمیر کی تعمیر و ترقی کیلئے وافر فنڈز فراہم کر رہے ہیں، مسلم لیگ ن آزاد کشمیر میں اتحادی حکومت کا حصہ ہے انشاءاللہ کارکنوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا۔ مسلم لیگ ن آزاد کشمیر کے صدر شاہ غلام قادر نے اس موقع پر وفاقی وزیر کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام مقبوضہ کشمیر میں ہونے والے بھارتی فوج کی نگرانی میں ہونے والے جعلی اور ڈھونگ انتخابی عمل سے بیزار ہیں اور اسے مکمل طور پر مسترد کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیریوں کے دل پاکستان کے ساتھ دھڑکتے ہیں سبز ہلالی پرچم جب سربلند ہوتا ہے تو کشمیری عوام کے چہرے چمک اٹھتے ہیں اس رشتے کو بھارت کے منافقانہ اور دوغلے اقدامات بھی ختم نہیں کر سکتے۔

بقیہ 38

جسٹس کو بھجوا دی ہے۔ مخصوص نشستوں کے کیس میں چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے 14 ستمبر کے ایڈیشنل رجسٹرار کے نوٹ پر وضاحت مانگی تھی۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے رجسٹرار سے نو سوالات کے جوابات طلب کیے تھے جس میں پہلا سوال تھا کہ الیکشن کمیشن اور پی ٹی آئی کی متفرق درخواستیں کب دائر کی گئیں؟ اس سلسلے میں دوسرا سوال کیا گیا تھا کہ متفرق درخواستیں کیوں پیش کی گئیں؟ تیسرا سوال تھا کہ درخواستیں سماعت کے لیے کب مقرر ہوئیں اور اس بارے میں کاز لسٹ کیوں جاری نہ ہوئی؟ چوتھا سوال تھا کہ کیا فریقین اور اٹارنی جنرل کو نوٹس جاری کیا گیا؟ جبکہ پانچواں سوال تھا کہ کس کورٹ روم یا چیمبر میں کن جج صاحبان نے سماعت کی؟ چھٹا سوال تھا کہ آرڈر سنانے کے لیے کاز لسٹ کیوں جاری نہ ہوئی؟ جبکہ ساتواں سوال تھا کہ حکم نامہ جاری کرنے کے لیے وقت مقرر کیوں نہ کیا گیا؟ آٹھواں سوال تھا کہ اوریجنل فائل اور اصل حکم نامہ جمع کرائے بغیر ویب سائٹ پر کیسے اپ لوڈ ہوا؟ جبکہ نواں سوال تھا کہ وضاحتی حکم نامہ سپریم کورٹ ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرنے کا حکم کس نے دیا؟ ان سوالات کے جوابات رجسٹرار نے چیف جسٹس کو ارسال کر دیے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق رجسٹرار سپریم کورٹ کی جانب سے چیف جسٹس کو بھجوائے گئے جواب میں کہا گیا ہے کہ الیکشن کمیشن اور پی ٹی آئی کی درخواستوں پر کوئی کاز لسٹ جاری نہیں ہوئی۔ سپریم کورٹ کے کسی کمرہ عدالت میں ان درخواستوں پر سماعت نہیں ہوئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ رجسٹرار سپریم کورٹ نے جواب میں کہا ہے کہ ججز کے کسی چیمبر میں بھی ان درخواستوں پر بیٹھنے کے بارے میں معلومات نہیں۔ ویب سائٹ پر اپلوڈ ہونے سے پہلے فائل رجسٹرار آفس کو نہیں بھجوائی گئی۔ ذرائع کے مطابق رجسٹرار نے کہا ہے کہ وضاحتی حکم سینئر جج کے اسٹاف آفیسر کے کہنے پر ویب سائٹ پر اپ لوڈ ہوا۔ واضح رہے کہ چند روز قبل سپریم کورٹ کے 8 رکنی بینچ نے مخصوص نشستوں کیس میں الیکشن کمیشن اور پی ٹی آئی کی درخواستوں پر وضاحت میں کہا تھا کہ 12 جولائی کے فیصلے میں کوئی ابہام نہیں ہے۔ اکثریتی ججز نے لکھا کہ سپریم کورٹ کا 12 جولائی کا شارٹ آرڈر بہت واضح ہے اور الیکشن کمیشن نے اس حکم کو غیر ضروری طور پر پیچیدہ بنایا ہے جب کہ فیصلے پر عملدرآمد نہ کرنے کے سنگین نتائج ہوں گے

بقیہ 39

وحدت ساز ساختوں سے معنوی و انقلابی قوت کے حصول کے لئے رسول صادق حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و امام حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی سیرت کی روشنی میں امامیہ آرگنائزیشن آزاد کشمیر کے زیراہتمام سنٹرل پریس کلب مظفرآباد میں عظیم الشان "مرکز اتحاد امت و بیداری امت اسلامی کانفرنس" کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس کی صدارت چیئرمین امامیہ آرگنائزیشن پاکستان سید حضور مہدی نقوی نے فرمائی۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد یعقوب بشوی ڈین المصطفیٰ انٹرنیشنل یونیورسٹی ایران، مولانا محمد اصغر عسکری معلم جامع الرضا اسلام آباد، مولانا قاری عمران حمید عباسی ڈویژنل صدر منہاج القرآن مظفرآباد نے بطور مہمانان خاص شرکت کی۔ حجۃ الاسلام والمسلمین مولانا ممتاز حسین الحسینی، مولانا سید فرید عباس نقوی چیئرمین جعفریہ سپریم کونسل، سید عارف حسین نقوی چیئرمین [illegible] فاؤنڈیشن، سید زوار حسین نقوی چیئرمین جموں و کشمیر جعفریہ سپریم کونسل، سید فرزند علی نقوی صدر مرکزی انجمن جعفریہ، سید حمزہ سلطان سبزواری ڈویژنل صدر امامیہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن، مولانا آغا حیدر نقوی، سید فدا حسین نقوی ایڈیشنل سیکرٹری جنرل مجلس وحدت المسلمین، سید توقیر نقوی سربراہ جعفریہ یوتھ فورم و دیگر کثیر تعداد میں عاشقان رسول ؐ نے اس عظیم الشان کانفرنس میں شرکت کی۔ کانفرنس کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا جس کی سعادت قاری حافظ سید عادل حسین نقوی نے حاصل کی۔ سرکار دو جہاں ؐ کے حضور حافظ سید عاصم اقبال کاظمی نے نعت رسول مقبول ؐ کی صورت میں گلہائے عقیدت نچھاور کیے سید اشتیاق حسین سبزواری ناظم امامیہ آرگنائزیشن آزاد کشمیر نے مہمانان گرامی کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ سب تعریفیں اس پروردگار کے لیے ہیں جس نے بہترین کتاب کو نازل کیا اور اپنے محبوب حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا۔ صلوٰۃ و سلام ہو خاتم النبیین ؐ پر جنہوں نے ہمارے درمیان دو چیزیں "قرآن اور اپنی عترت" چھوڑیں جو گمراہی سے نجات دینے والی ہیں اور ان پر عمل پیرا رہنے کا پابند فرمایا۔ سلام ہو ان کے طاہر و مطہر اہل بیت علیہم السلام پر کہ جن کی بابصیرت اور مسلسل جدوجہد کی بدولت پرچم اسلام سربلند رہا اور ان عظیم مدافعان دین پیغمبر ؐ کی زندگانی جہالت کی تاریکیوں میں ہمیشہ چراغ ہدایت کی حیثیت رکھتی ہے۔ رسالت مآب ؐ کی زندگی بھر کی جدوجہد فقط ایک ایسے معاشرے کی تشکیل تھی جہاں انسانیت فلاح پا سکے، عبودیت اپنی کمال کی منازل طے کر سکے اور اسلامی الٰہی اقدار کا قیام عمل میں لایا جا سکے۔ وطن عزیز میں اسلامی معاشرے کے قیام کے لیے سرگرم عمل امامیہ آرگنائزیشن پاکستان آزاد کشمیر ریجن نے ہر سال کی طرح امسال بھی 12 تا 17 ربیع الاول ہفتہ وحدت اسلامی کے طور پر منایا اور ہفتہ وحدت کے اختتام پر کانفرنس بعنوان مرکز اتحاد امت و بیداری اسلامی کا اہتمام کیا۔ کانفرنس میں خطباء حضرات نے اپنے خطابات میں میلاد النبی ؐ کے مقاصد پر سیر حاصل گفتگو فرمائی، معروف سکالر ممتاز حسین الحسینی نے کہا کہ رحمۃ اللعالمین ؐ انسانیت کو ظلم و جور اور جہالت سے نکالنے کے لیے تشریف لائے

بقیہ 40

حملہ کرنے کی کوشش کی۔ مسجد کے مجوزہ انہدام کے خلاف بڑے پیمانے پر مظاہرے پھوٹ پڑے اور مظاہرین اور پولیس کے درمیان جھڑپیں ہوئیں۔ صورتحال خراب ہونے کے بعد سرکاری عہدیداروں اور مقامی لوگوں کے درمیان بات چیت ہوئی اور مسجد کمیٹی کے لیے 8 دن کا وقت دے دیا گیا۔ مسلم کمیونٹی قانونی چارہ جوئی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے جبکہ کانگریس کی رکن پارلیمنٹ پریانکا گاندھی نے مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے سے معاملے میں مداخلت کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 41

[illegible] بات چیت کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ [illegible] آئینی ترامیم اتفاق رائے سے [illegible] ضرورت کی بنیاد پر ہونی چاہئیں۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ آئینی عدالت کے قیام کے حق میں ہیں، [illegible] مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ [illegible] انتخابات میں اداروں کا کردار [illegible] علامت قرار نہیں دیا جا سکتا۔

بقیہ 42

prescribe in an institution any Textbook or supplementary material.

میں یہ بات واضح کی گئی ہے۔ اس قانون کے تحت کوئی بھی [illegible] بدون NOC درسی کتب [illegible] نہیں کر سکتا۔ [illegible] (پارٹ اول) کی [illegible] جن سے اساتذہ کرام اور [illegible] آزاد جموں و کشمیر ٹیکسٹ بک بورڈ نے معزز

عدالت العظمیٰ کے فیصلہ صادرہ 08 جون 2023 کی روشنی میں وفاقی وزارت تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کے تیار کردہ سلیبس کے مطابق درسی کتب تیار کیں۔ بعد ازاں سیکرٹریٹ انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن نے اپنے ایک حکم میں اردو، انگریزی، فزکس، کیمسٹری، ریاضی، کمپیوٹر، اسلامیات اور بیالوجی کو نافذ کیا۔ بورڈ ہذا کی جانب سے درسی کتب مارکیٹ میں بروقت مہیا بھی کروائی گئی ہیں۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ ریاست جموں و کشمیر میں پہلی مرتبہ ایک ہی مضمون کی متعدد درسی کتب کو NOC جاری کیے گئے ہیں تاکہ طلبہ اساتذہ کو بہترین کتاب کے استفادہ کرنے میں آزادی ہو۔ ان میں پنجاب [illegible] بک فاؤنڈیشن، [illegible] پبلشرز اور چوہدری غلام رسول اینڈ سنز کی درسی کتب شامل ہیں۔ ان درسی کتب پر معزز عدالت العالیہ کی ہدایات کے مطابق پروف ریڈنگ سرٹیفکیٹ چھپا ہیں اور مجاز فورم نظامت اعلیٰ تحقیق و ترقی نصاب کے NOC بھی درج ہیں۔ نیز ان درسی کتب کے سرورق پر آزاد جموں و کشمیر ٹیکسٹ بک بورڈ کا لوگو (Logo) بھی آویزاں ہے۔ اس ضمن میں سٹیک ہولڈرز کی جانب سے یہ شکایات موصول ہو رہی ہیں کہ بعض تعلیمی ادارہ جات ان درسی کتب کی بجائے پنجاب ٹیکسٹ بک فاؤنڈیشن کی پرانی بدون NOC غیر قانونی درسی کتب کی خرید و فروخت کی ترغیب دے رہے ہیں اور انہی بدون NOC غیر قانونی کتب سے درس و تدریس جاری رکھے ہوئے ہیں۔ جو قانوناً درست نہ ہے۔ مزید یہ کہ پرانی درسی کتب میں املاء اور تصورات کی اغلاط موجود تھیں جنہیں ریاستی سطح پر جانچ پڑتال کرتے ہوئے Refine کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں پنجاب ٹیکسٹ بک فاؤنڈیشن کی بدون NOC والی پرانی درسی کتب کا سیٹ = 4085 روپے کا ہے جب کہ ادارہ ہذا کے لوگو (Logo) والی درسی کتب کا سیٹ = 3385 روپے کا ہے جو کہ فی سیٹ = 700 روپے کم ہے۔ لہٰذا انہی درسی کتب سے درس و تدریس کو یقینی بنایا جائے۔ مجاز فورم نظامت اعلیٰ تحقیق و ترقی نصاب نے اعلیٰ ثانوی سطح (پارٹ اول) کے اختیاری مضامین کی درسی کتب کو بھی NOC جاری کیے ہیں جن میں تاریخ تحریک پاکستان (یونیورسٹی بک پرنٹرز اینڈ پبلشرز)، صحت و جسمانی تعلیم (یونیورسٹی بک پرنٹرز اینڈ پبلشرز)، نفسیات (کاروان بک ہاؤس)، اکاؤنٹنگ (روشنائی پرنٹرز اینڈ پبلشرز)، تجارتی ریاضی (روشنائی پرنٹرز اینڈ پبلشرز)، شہریت (لیڈنگ بکس پبلشرز)، عربی (ایسوسی ایشن فار اکیڈمک کوالٹی (آفاق)، معاشیات (کریٹو پرنٹرز اینڈ پبلشرز)، اصول تجارت (روشنائی پرنٹرز اینڈ پبلشرز)، شماریات (کریٹو پرنٹرز اینڈ پبلشرز)، جغرافیہ (ایسوسی ایشن فار اکیڈمک کوالٹی آفاق)، لائبریری سائنس (روشنائی پرنٹرز اینڈ پبلشرز)، اصول معاشیات (روشنائی پرنٹرز اینڈ پبلشرز)، اسلامیات اختیاری (لیڈنگ بکس پبلشرز)، تاریخ اسلام (ایسوسی ایشن فار اکیڈمک کوالٹی آفاق) شامل ہیں۔ ان اختیاری کتب کے حوالہ سے سیشن ہذا کے آغاز سے قبل مورخہ 17 مئی 2024 کو بذریعہ پریس ریلیز متعلقین کو آگاہ بھی کر دیا گیا تھا اس کے باوجود بعض ادارہ جات کی بابت معلوم ہوا ہے کہ وہ اپنے اداروں میں درج بالا اختیاری مضامین کی مجوزہ کتب سے ہٹ کر دیگر کتب و نصاب ہا کی تدریس کروا رہے ہیں نیز شنید ہے کہ بعض ناشرین اپنے ادارہ جات کی تیار کردہ درسی کتب کے نمونے کالجز/ہائر سیکنڈری سکولز میں لے کر آتے ہیں اور اساتذہ کرام کو ان سے درس و تدریس کی ترغیب دیتے ہیں۔ یہ کتب درحقیقت درسی کتب کی تعریف میں نہ آتی ہیں بلکہ خلاصہ جات ہیں جن پر کسی بھی صورت انحصار نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی ان نام نہاد درسی کتب کو کسی فورم سے NOC جاری ہوئے ہیں۔ اس ضمن میں چیئرمین تعلیمی بورڈ میرپور کو مراسلہ ارسال کیا جا چکا ہے۔ سوشل میڈیا پر اعلیٰ ثانوی سطح پر پڑھائی جانے والی درسی کتب کی تفصیل بیان کرتی ایک فہرست گردش کر رہی ہے، جس کا عنوان ہے Level Detail of According to FBISE Textbooks At HSSC یہ فہرست کتب کسی مجاز اتھارٹی سے جاری شدہ نہ ہے اور نہ ہی اس پر کسی مجاز اتھارٹی کے دستخط و مہر ثبت ہیں اور نہ ہی آزاد کشمیر کے ادارہ جات کے لیے کسی مجاز فورم نے تیار کر کے جاری کی ہے۔ لہٰذا اس فہرست کی کوئی قانونی حیثیت نہ ہے لہٰذا کتب کی تفصیل کے حوالہ سے اس فہرست کے Fake ہونے سے آگاہ رہیں۔ جملہ سٹیک ہولڈرز کو ایک بار پھر مطلع کیا جاتا ہے کہ درسی کتب/ایڈیشنل سپلیمنٹری میٹریل بابت معلومات دفتر ہذا کے نمبرات 05822923141، 05822923100 سے حاصل کریں تاکہ غلط معلومات سے بچا جا سکے۔

بقیہ 43

دہشت گردوں کو مواقع فراہم کیے جاتے ہیں [illegible] فوج کا کام سرحدوں کی حفاظت ہے، فوج پولیس کا کام کرے گی تو حالات بہتر نہیں ہوں گے، آپریشن مسائل کا حل نہیں، نئے آپریشن کا مطلب ہے کہ ماضی میں کیے گئے آپریشنز ناکام ہو گئے۔ وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا اسلام آباد پر توجہ مرکوز کرنے کی بجائے صوبے کے عوام کی خدمت کریں، [illegible] ان خیالات کا اظہار انہوں نے پشاور میں قبائلی امن جرگہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر امیر صوبہ پروفیسر محمد ابراہیم، سیکرٹری جنرل کے پی عبدالواسع، نائب امیر کے پی وزیر عنایت اللہ خان اور چیئرمین تحریک حقوق قبائل شاہ فیصل آفریدی بھی موجود تھے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ ضم شدہ قبائلی علاقوں اور بلوچستان میں ایمرجنسی بنیادوں پر ترقیاتی کام کیے جائیں، بلوچستان میں لاپتہ افراد کا مسئلہ حل طلب ہے، حکومت مجرم کو سزا دے، لوگوں کو ماورائے عدالت لاپتہ کرنا کسی صورت درست نہیں، طاقت سے رٹ قائم نہیں ہوتی۔ انہوں نے کہا کہ قبائلی علاقے میں ایک میڈیکل کالج اور یونیورسٹی نہیں ہے، بچیوں کی تعلیم سے متعلق پروپیگنڈا کرنے والے بتائیں کہ علاقے میں بچیوں کی تعلیم کے لیے کتنے تعلیمی ادارے موجود ہیں، قبائلی علاقوں میں خواتین میڈیکل یونیورسٹی بنائی جائے، انفراسٹرکچر تعمیر کیا جائے اور نوجوانوں کو روزگار دیا جائے، نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد نہیں ہوا، حکومتی سطح پر جرگوں کا انعقاد کر کے مسائل کا حل تلاش کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ قبائلی علاقوں میں دہشت گردی کا سب سے بڑا سبب ماضی کے ڈکٹیٹر کا امریکی فون کال پر ڈھیر ہونا تھا، اس سے قبل قبائلی علاقوں میں امن تھا، امریکی نام نہاد دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کو دھکیلنے والے موجودہ حالات کے ذمہ دار ہیں، اس جنگ کے نتیجے میں گزشتہ دو دہائیوں میں ایک لاکھ پاکستانی شہید ہو گئے۔ امیر جماعت نے کہا کہ افغان طالبان کو ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا، چند لوگوں کے غلط فیصلوں کے نتائج پوری پاکستانی قوم برداشت کر رہی ہے، افغان سرزمین کسی صورت بھی پاکستان میں دہشت گردی کے لیے استعمال نہیں ہونی چاہیے، پاکستانیوں نے برسہا برس افغان بھائیوں کی میزبانی کی، [illegible]

بقیہ 44

[illegible] رپورٹ میں کہا گیا کہ مالی سال 24-2023 میں پاکستان کی شرح نمو 2.4 فیصد [illegible] آئی ایم ایف [illegible] 3 ارب ڈالر [illegible] 7 ارب ڈالر [illegible]

بقیہ 45

[illegible]

دونوں رہنماؤں نے اسرائیل کی جانب سے لبنان اور فلسطین پر جارحانہ حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور اقوام عالم سے اسرائیلی جارحیت رکوانے کی اپیل کرتے ہوئے اقوام متحدہ کی توجہ مقبوضہ جموں و کشمیر کی جانب مبذول کروائی اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔

بقیہ 46

کیا گیا ہے۔ پرائم منسٹر آفس پریس ونگ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم کی اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 79 ویں اجلاس کے موقع پر ترکیہ کے صدر سے دو طرفہ ملاقات ہوئی، جس میں دونوں رہنماؤں نے دو طرفہ امور پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر تجارت، سرمایہ کاری، دفاع و سلامتی کے شعبوں میں باہمی طور پر مفید تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 47

والے یہاں بڑے آئے اور لوگوں نے بہت دیکھے مگر جو کام ہم نے کیا وہ کسی نے نہیں کیا، میں نے اپنی پوری پارٹی کی ناراضی مول لے کر 90 فیصد نوجوان اپنی حکومت میں شامل کیے جو باصلاحیت بھی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 6 سال میں ایک نوجوان کو میرٹ پر نوکری نہیں ملی، ہم نے چھ ماہ کے اندر ایک ہزار نوجوانوں کو نوکریاں فراہم کیں جن کی تنخواہ ساٹھ ہزار ہے، یہاں بیٹھا ایک ہزار میں سے ایک نوجوان بھی سفارش پر بھرتی نہیں ہوا سو فیصد میرٹ پر بھرتی ہوئے، مجھے بھی لوگوں نے نوکریوں کے لیے پھر سفارش کی مگر ہم نے میرٹ کو ترجیح دی۔ پاکستان کی تاریخ کے سب سے بڑے کسان پیکج کا اجرا کرنے جا رہے ہیں جو کہ اگلے سال لانچ کیا جائے گا 400 ارب روپے مالیت کا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کسی صوبے میں جا کر دوسرے کو گالیاں دینا، جلاؤ گھیراؤ کرنا بہت آسان ہے، یہاں [illegible] نظام چل سکتا ہے مگر [illegible] کا نظام نہیں چل سکتا، میں پنجاب کے جس اسپتال میں جاتی ہوں وہاں کے پی سے آئے ہوئے مریض ملتے ہیں، دل کے مریض بچوں کا 15 ہزار مریضوں کا بیک لاگ ہے، ان کے لیے فوری سرجری کا بندوبست کیا گیا ہے فوری طور پر 100 بچوں کی سرجری کی گئی جس میں سے متعدد بچے خیبرپختونخوا سے تھے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ خیبرپختونخوا میں حکمرانوں کی توجہ عوام کے بھلے، سڑکیں بنانے اور دیگر کاموں کے بجائے گالیاں دینے اور جلاؤ گھیراؤ کرنے پر ہے، ان سے درخواست ہے خدا کے لیے عوام پر توجہ دیں، میں یہ باتیں کرنے سے گھبراتی نہیں ہوں۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ ہم نے بچیوں کی حفاظت کے لیے اقدامات اٹھائے مددگار پر ویڈیو کال کر سکتی ہیں اور اب پینک بٹن بھی دیا جائے گا کہ وہ کسی مشکل میں ہوں تو فوراً پولیس پہنچ جائے۔ وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ میں بتانا چاہتی ہوں کہ ہم نے گندم کیوں نہیں خریدی؟ حکومت کسانوں سے نہیں آڑھتیوں سے خریداری کرتی ہے اور آڑھتی ایک مافیا ہے جو سارا منافع لے کر کسان کا استحصال کرتا ہے کیوں کہ کسان اپنی گندم مارکیٹ تک نہیں لے جا سکتا، گندم کی خریداری میں اربوں روپے کی کرپشن ہوتی ہے، جس میں سراسر کسان کے ساتھ ناانصافی ہوتی ہے [illegible] گندم کے چار ہزار روپے فی من نہیں ملتے بلکہ وہ آڑھتی کی جیب میں جاتے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دیگر صوبوں میں روٹی کی قیمت کم ہوئی بھی وہ دوبارہ مہنگی ہو گئی مگر پنجاب واحد صوبہ ہے جہاں مہنگائی کا گراف چھ ماہ سے نیچے جا رہا ہے، گندم کی کرپشن کے خلاف اقدامات کا اس میں بڑا ہاتھ ہے۔

بقیہ 48

شہریوں کو اسرائیلی دہشت گردی سے محفوظ رکھنے میں کس طور پر ناکام ہوتی ہے، بدقسمتی سے عالم اسلام کے حکمران اور او آئی سی بھی اسرائیل کے خلاف جرأت مندانہ اور عملی اقدامات کرنے پر تیار نہیں، چند ایک کے سوا عالم اسلام کے اکثر حکمرانوں نے بے حسی اور بزدلی اختیار کر رکھی ہے اور اسی وجہ سے اسرائیل غزہ کے بعد اب لبنان پر حملہ آور ہو گیا ہے۔ موجودہ حالات میں پوری امت کو بھرپور اتحاد اور یکجہتی کا مظاہرہ کرنے اور حکمرانوں کو امریکہ، اسرائیل کے خوف سے نکل کر اپنی بے حسی اور بزدلی ترک کرنے کی ضرورت ہے۔ ہماری حکومت پاکستان سے بھی مطالبہ ہے کہ وہ لبنان کے خلاف اسرائیلی جارحیت رکوانے کے لیے عالمی سطح پر اپنا کردار ادا کرے اور او آئی سی کے پلیٹ فارم سے مشترکہ لائحہ عمل اختیار کیا جائے۔ اپنے بیان میں [illegible] خان نے مزید کہا کہ اسرائیل کی بڑھتی ہوئی جارحیت اور دہشت گردی پوری دنیا کے مسلمانوں بالخصوص حکمرانوں کے لیے ایک لمحہ فکریہ ہونا چاہیے، اسرائیل غزہ میں ایک بڑا انسانی المیہ پیدا کر چکا ہے اور اب لبنان پر حملہ آور ہو گیا ہے کل کوئی اور مسلم ملک بھی اس کا نشانہ بن سکتا ہے اس لیے اسے روکنے اور لگام دینے کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گئی ہے حکمران ہوش کے ناخن لیں اگر اب بھی نہ جاگے تو کب جاگیں گے

بقیہ 49

دو لاکھ روپے کا اعلان کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ صحافی قلم کے ذریعے ریاست کی ترقی کا مثبت چہرہ عوام کے سامنے پیش کریں۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں گے۔ گزشتہ روز صحافی و کالم نویس شمشاد علی نظامی کی قیادت میں ملاقات کرنے والے وفد میں ملک یاسین طاہر، سردار امتیاز، سوشل میڈیا ایکٹوسٹ خالد مغل اور دیگر شامل تھے۔ شمشاد علی نظامی نے وزیراعظم کی توجہ دلاتے ہوئے کہا کہ باغ شہر میں پریس کلب کے لئے جگہ اور فنڈز نہ ہونے سے پریس کلب کی عمارت نہ ہے اس کے لیے فنڈز فراہم کیے جائیں جس پر وزیراعظم نے دونوں مطالبات سے اتفاق کرتے ہوئے انتظامیہ کو ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر وزیر سیاحت سردار فہیم اختر ربانی بھی موجود تھے۔

بقیہ 50

سردار افتخار نعیم ایڈووکیٹ، صدر بار ایسوسی ایشن تراڑکھل سردار خشاد عظیم ایڈووکیٹ کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی اور ایڈیشنل سیشن کورٹ کے قیام کا مطالبہ کیا جس سے وزیراعظم نے اتفاق کیا ہے۔ اس موقع پر وزیراعظم آزاد کشمیر نے تراڑکھل اور بلوچ بارز کیلئے 5،5 لاکھ روپے کا اعلان بھی کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ سدھنوتی تاریخی ضلع ہے یہاں کے لوگوں نے تحریک آزادی کشمیر کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے دیے ہیں۔ حقوق کے نام پر تحریکیں تو بنائی جاتی ہیں لیکن فرائض کی ادائیگی کا سبق کس نے دینا ہے۔ وکلاء آئین و قانون کے مطابق لوگوں کو شہری آزادیوں کی بھی تشریح کر کے بتائیں۔ مقبوضہ کشمیر میں لوگوں کے تمام بنیادی حقوق سلب کیے گئے ہیں۔ بار کے مطالبات پورے کیے جائیں گے۔ جس پر وکلاء نے وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا

بقیہ 51

[illegible] انشاءاللہ تحریک آزادی کشمیر [illegible] پانچ اگست 2019 کے غیر آئینی، غیر قانونی اور غیر اخلاقی اقدام کے بعد مقبوضہ کشمیر کی [illegible] صورتحال انتہائی کشیدہ ہے مودی کا ٹارگٹ کشمیری مسلم شناخت ہے، مقبوضہ کشمیر کی حقیقی نمائندہ قیادت [illegible] عام کشمیری گھروں سے نہیں نکل سکتے۔ [illegible] وزیر اطلاعات پیر محمد مظہر سعید شاہ نے کہا کہ آج آزاد جموں و کشمیر کے عوام مقبوضہ کشمیر میں ہونے والے انتخابات کے ڈرامے کے خلاف سراپا احتجاج ہیں، [illegible] پیر محمد مظہر سعید شاہ نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کے ڈھونگ انتخابات کشمیریوں کے حق خودارادیت کا نعم البدل نہیں ہو سکتے۔ [illegible] کشمیریوں کا مطالبہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کی روشنی میں حق خودارادیت ہے جس کا اقوام متحدہ نے ان کے ساتھ وعدہ کر رکھا ہے۔

بقیہ 52

[illegible]

بقیہ 53

مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے کہا کہ چین ہمارا قابل اعتماد دوست ہے اور ہمیں اس عظیم قوم کے ساتھ اپنے تعلقات پر فخر ہے، مریم نواز شریف پنجاب کے عوام کیلئے بہت سے فلاحی منصوبوں کی قیادت کر رہی ہیں، جن کے ساتھ ساتھ پنجاب انفراسٹرکچر اور ٹیکنالوجی میں چین کے تعاون کا خیر مقدم کرے گا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ ہم چین کے ساتھ مل کر معاشی معجزے پیدا کر سکتے ہیں، ہم پنجاب میں اپنے چینی دوستوں کو خوش آمدید کہنے کیلئے ہمیشہ تیار ہیں۔ مریم نواز شریف نے چینی سرمایہ کاروں کو مراعات اور سہولیات فراہم کرنے کیلئے خصوصی چائنیز انڈسٹریل زونز کے قیام کی تجویز پیش کی اور کہا کہ ہم چین کی کامیابی کو اپنی کامیابی سمجھتے ہیں، پاکستان غربت میں کمی کیلئے چینی ماڈل سے بہت فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ اس موقع پر عوامی جمہوریہ چین کے سفیر جیانگ زیڈونگ کا کہنا تھا کہ چین بھی پاکستان کے ساتھ اپنی دوستی کو بہت قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومتوں میں اس دوستی میں بڑی تیز رفتار ہوئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ سی پیک کے اپ گریڈ ورژن میں پنجاب کی شمولیت کا خیر مقدم کریں گے جس میں خصوصی اقتصادی زونز کی ترقی بھی شامل ہے، چین پنجاب میں زراعت کے شعبے میں سرمایہ کاری کا خواہاں ہے۔ چینی سفیر نے کسان کارڈ، ٹریکٹر سکیم جیسے وزیراعلیٰ کے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں چین کے تعاون سے 5 لاکھ ایکڑ رقبے پر زیادہ پیداوار دینے والی ہائبرڈ ریپسیڈ کاشت کی جا رہی ہے اور اب وہ اس رقبے کو دوگنا کرنا چاہتے ہیں، پاکستان کے 1000 کسانوں کو چینی ماہرین جدید کاشتکاری کی تکنیک کی تربیت دیں گے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے زراعت میں مشینوں اور پانی کے موثر استعمال پر زور دیا اور کہا کہ ان شعبوں میں چینی مہارت سے استفادہ بہت اہمیت کا حامل ہوگا۔ اس موقع پر چینی سفیر نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو دورہ چین کی دعوت دی جو انہوں نے شکریہ کے ساتھ قبول کر لی۔ چینی سفیر نے کہا کہ مریم نواز شریف کو پاکستان کی پہلی خاتون وزیراعلیٰ کی حیثیت سے چین میں خوش آمدید کہا جائے گا، نواز شریف کی وزارت عظمیٰ کے دوران پاک چین تعلقات کی ایک طویل تاریخ رہی، نواز شریف کے دور حکومت میں پاک چین تعلقات بہت بلندیوں پر گئے اور مریم نواز کے ساتھ مل کر اسے مزید آگے لے جانے کی امید رکھتے ہیں۔ ملاقات میں سینیٹر پرویز رشید اور سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے شرکت کی، اس موقع پر چیف سیکرٹری زاہد اختر زمان اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے

بقیہ 54

بات چیت میں بتایا کہ اس سال [illegible] چیمپئن شپ میں پنجاب، خیبرپختونخوا، اسلام آباد، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کی نمائندگی کرنے والی 14 ٹیموں کے 107 کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں، جن میں 44 خواتین کھلاڑی بھی شامل ہیں۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ اس سال کا ٹرن آؤٹ اس کھیل کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کا واضح اشارہ ہے۔ انہوں نے یاد دلایا کہ دو سال قبل تولی پیر میں منعقد ہونے والی دوسری نیشنل گراس اسکیٹنگ چیمپئن شپ میں 10 ٹیموں سے 24 خواتین سمیت 72 کھلاڑیوں نے حصہ لیا تھا۔ "اس سال شرکاء میں اضافہ ظاہر کرتا ہے کہ زیادہ لوگ گراس سکیئنگ میں دلچسپی لے رہے ہیں۔ یہ اس کھیل کی بڑھتی ہوئی اپیل کا ثبوت ہے،" انہوں نے کہا۔ انہوں نے مزید کہا کہ، رجسٹرڈ حریفوں کے علاوہ، بہت سے مقامی شوقیہ کھلاڑیوں کی بھی نمایاں تعداد میں ایونٹ میں شمولیت کی توقع ہے۔ "چیمپئن شپ کے پہلے تین دن قومی سطح کے مرد اور خواتین کوچز کی قیادت میں تربیتی کیمپ کے لیے مختص کیے گئے تھے۔ کیمپ کا مقصد شرکاء کو علاقے سے واقف کرانا اور ان کی مہارتوں کو نکھارنے میں مدد کرنا ہے۔" یاسین نے بتایا کہ مردوں اور خواتین دونوں کے لیے فائنل مقابلے کی ریسیں اگلے دو دنوں میں ہوں گی، جو ٹیلنٹ کا ایک دلچسپ مظاہرہ پیش کرے گی۔ [illegible] ونٹر اسپورٹس ایسوسی ایشن کے سیکرٹری جنرل نے بھی ایونٹ کی وسیع تر اہمیت پر روشنی ڈالی۔ یہ نوٹ کرتے ہوئے کہ یہ صرف کھیلوں سے آگے بڑھتا ہے۔ "یہ چیمپئن شپ نہ صرف نوجوانوں میں صحت مند مقابلے کو فروغ دیتی ہیں بلکہ خطے میں سیاحت کو فروغ دینے میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ہم ملک بھر سے لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ نہ صرف کھیلوں میں شرکت کریں بلکہ تولی پیر کی قدرتی خوبصورتی اور بھرپور ثقافت کا تجربہ کریں۔" انہوں نے کہا کہ تقریب 28 ستمبر کو کشمیری لوک موسیقی اور گانوں پر مشتمل ایک پرجوش اختتامی تقریب کے ساتھ اختتام پذیر ہوگی، جہاں بہترین ٹیموں اور اسٹینڈ آؤٹ کھلاڑیوں کو ٹرافیاں اور تمغے دیے جائیں گے۔

بقیہ 55

[illegible] سپریم کورٹ میں کل سے جو ہو رہا ہے سب کو پتہ چل رہا ہے یہ کیا کر رہے ہیں، ملک کا بیڑا غرق تو انہوں نے کر دیا، اب سپریم کورٹ کو بھی تباہ کر رہے ہیں۔ بانی پی ٹی آئی نے کہا کہ یہاں سارے فیصلے لکھے ہوئے آتے ہیں، ججز آ کر سنا دیتے ہیں۔ یہ چاہتے ہیں کہ سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ کے ججز بھی تابع ہو جائیں۔ ہائی کورٹ کے ججز پر دباؤ ڈالا جا رہا ہے۔ حکومت ساری عدلیہ کو تباہ کرنے پر تلی ہوئی ہے۔ الیکشن فراڈ کو کور کرنے کے لیے ان کو یہ ججز چاہئیں۔ سابق وزیراعظم نے کہا کہ 8 فروری کے انتخابات کو پوری دنیا نے فراڈ الیکشن کہا۔ ایک مرتبہ بھی قاضی فائز عیسیٰ نے یہ نہیں کہا کہ ہماری خواتین اور کارکنان جو جیلوں میں ہیں ان کے ساتھ کیا ہو رہا ہے، 9 مئی واقعات میں انہوں نے آگ لگائی۔ آئی ایس پی آر جواب دے کہ سی سی ٹی وی فوٹیج کہاں گئیں؟ یہ چاہتے ہیں کہ پی ٹی آئی کسی طرح سے ابھر نہ آئے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں کوئی بھی جلسہ نہیں کرنے دیا جا رہا۔ چیف جسٹس کا یہ کام ہوتا ہے کہ وہ بنیادی حقوق کا تحفظ کرے، گرمیوں کا جلسہ بھی کیا کبھی 6 بجے ختم ہوتا ہے؟ ساری قوم کو پتہ ہے کیا ہو رہا ہے، جو ہو رہا ہے اس سے واضح ہے کہ چیف جسٹس اور چیف الیکشن کمشنر ملے ہوئے ہیں۔

بقیہ 56

سعودی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا کہ فریقین تحمل کا مظاہرہ کریں، خطے اور عوام کو جنگ کے خطرات سے دور رکھیں۔ وزارت خارجہ نے کہا کہ بین الاقوامی برادری، فریقین خطے میں تنازعات کے خاتمے کے لئے ذمہ داریاں ادا کریں۔ سعودی عرب نے لبنان کی خودمختاری کا احترام کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

بقیہ 57

اور قومی صلاحیتوں کو زنگ آلود کر کے ضائع کیا۔ معاشی تباہی، قرضوں، سودی لعنت، کرپشن اور عوام کے خون پسینے کی کمائی سے بھرے خزانے پر مخصوص بااختیار طبقوں کی عیاشی [illegible] انسان دشمن نظام سے نجات کے لیے علم، صلاحیت، ٹیکنالوجی، حب دین اور حب الوطنی کے جذبے [illegible]

بقیہ 58

[illegible] اقوام متحدہ [illegible] جموں و کشمیر سمیت [illegible] تنازعات کے حل کیلئے زیادہ بااختیار [illegible] سلامتی کونسل کے مستقل ارکان کی تعداد میں اضافہ کونسل کو مزید مفلوج بنانے کا باعث بنے گا۔ [illegible]

بقیہ 59

[illegible] منعقدہ جلسہ سے [illegible] خطاب کیا۔ آخری اطلاعات کے مطابق رات گئے تک جلسہ جاری تھا جس میں لوگوں کی ایک بڑی تعداد شریک تھی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆